Ataunnabi.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ	اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعَالَمِیۡنَ
اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیۡکَ یَا رَسُوۡلَ اللّٰہِ	وَعَلٰی آلِکَ وَاَصۡحَابِکَ یَا حَبِیۡبَ اللّٰہِ
مَاشَاءَاللّٰہُ لَاحَوۡلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ	مَن یُّرِدِ اللّٰہُ بِہٖ خَیۡرًا یُفَقِّھۡہُ فِی الدِّیۡنِ۔
اللہ ہمارا ربّ ہے۔	محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمارے راہنما ہیں۔
صحابہ ہمارے ستارے ہیں۔	آل نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہماری پناہ ہیں۔
روزے کے فضائل واحکام	جدید وقدیم فقہی مسائل کا مجموعہ
حوالہ جات کے ساتھ	سوالاً جواباً

روزے کے مسائل اور ان کا حل

سلسلہءِ اشاعت:(#۱)

طلبہ اور عوام الناس کے لئے ایک نایاب تحفہ	آسان اردو زبان میں

مؤلف: محمد عبید رضا المدنی

پیشکش
المدنی لائبریری (پاکستان)
+92342 667 6163

For More Books Click To Ahlesunnat Kitab Ghar

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ علٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ ط اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم ط

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم ط

روزے کے مسائل اور ان کا حل

قسط اوّل (01)

(سوال 1 تا 10)

سوال 1:

کیا قے (الٹی) سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب:

قے کی صرف دو صورتیں ایسی ہیں جن میں روزہ ٹوٹ جاتا ہے باقی تمام صورتوں میں روزہ نہیں ٹوٹتا، جن صورتوں میں روزہ ٹوٹ جاتا ہے وہ یہ ہیں:

1- روزہ یاد ہونے کے باوجود جان بوجھ کر قے کی مثلاً انگلی وغیرہ حلق میں ڈال کر قے کی اور وہ قے منہ بھر ہوئی تو روزہ ٹوٹ جائے گا بشرطیکہ قے کھانے، پانی، خون وغیرہ کی ہو۔

2- بغیر اختیار کے منہ بھر قے آئی اور ایک چنے یا اس سے زیادہ مقدار میں واپس حلق سے نیچے لوٹا دی تو روزہ ٹوٹ جائے گا. (فتاوی عالمگیری, در مختار)

فائدہ: جس قے کو بغیر تکلف کے نہ روکا جا سکے اسے منہ بھر قے کہتے ہیں. (فتاوی عالمگیری)

سوال 2:

کیا روزے میں احتلام ہو جانے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب:

روزہ میں احتلام ہو جانے سے روزہ نہیں ٹوٹتا۔ (در مختار)

For More Books Click To Ahlesunnat Kitab Ghar

سوال 3:

اگر روزے کی حالت میں فرض غسل کرنا ہو تو کیا کلی کرنا اور ناک میں پانی چڑھانا منع ہے؟

جواب:

روزہ شروع ہونے سے پہلے غسل فرض ہو یا روزہ میں احتلام ہو جائے تو روزہ کی حالت میں غسل کے تمام فرائض ادا کیے جائیں گے. غسل میں کلی کرنا اور ناک میں نرم حصہ تک پانی پہنچانا فرض ہے اس کے بغیر نہ غسل اترے گا نہ نمازیں ہوں گی.

(عامہ کتب فقہ)

سوال 4:

روزے میں فرض غسل کرنا ہو تو کیا غرغرہ کر سکتے ہیں؟

جواب:

روزہ ہو تو غرغرہ نہیں کریں گے اور عام دنوں میں بھی غرغرہ غسل کا فرض یا کلی کا حصہ نہیں بلکہ ایک جداگانہ سنت ہے وہ بھی اس وقت سنت ہے جب روزہ نہ ہو, کیونکہ روزے کی حالت میں غرغرہ مکروہ ہے.

(عامہ کتب فقہ)

سوال 5:

کیا روزے کی حالت میں مسواک کر سکتے ہیں؟

جواب:

روزے کی حالت میں دن کے کسی بھی وقت مسواک کر سکتے ہے, اور اس سے اور دنوں کی طرح سنت کا ثواب بھی حاصل ہو گا البتہ اگر مسواک چبانے سے اس کے ریشے چھوٹتے ہوں یا مزہ محسوس ہو تو ایسی مسواک روزے کی حالت میں نہیں کرنی چاہیے.

(بحر الرائق, ردالمحتار, فتاوی رضویہ)

For More Books Click To Ahlesunnat Kitab Ghar

سوال 6:

کیا روزے کی حالت میں ٹوتھ پیسٹ اور منجن کر سکتے ہیں؟

جواب: روزے کی حالت میں ضرورتِ صحیحہ کے بغیر ٹوتھ پیسٹ اور منجن وغیرہ کرنا مکروہِ تنزیہی ہے اور اگر اس کا کوئی جز حلق سے نیچے اتر گیا تو روزہ ہی ٹوٹ جائے گا, اس لیے روزے کی حالت میں ان کو استعمال کرنے سے بچنا چاہیے۔

(فتاوی رضویہ)

سوال 7:

روزے کی حالت میں تیل لگانا اور زیرِ موئے ناف بنانا کیسا ہے؟

جواب:

روزے کی حالت میں تیل لگانا اور موئے زیر ناف بنانا جائز ہے, ان سے روزہ نہیں ٹوٹتا.

(عامہ کتب فقہ)

سوال 8:

کیا سرمہ لگانے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب:

سرمہ لگانے سے روزہ نہیں ٹوٹتا.

(الجوھرۃ النیرۃ, ردالمحتار)

سوال 9:

کیا روزے کی حالت میں سرمے کی طرح کا جل بھی لگا سکتے ہیں؟

جواب:

جی نہیں! کاجل کا حکم سرمہ والا نہیں لہذا روزے کی حالت میں کاجل نہیں لگا سکتے.

(دارالافتاء اہلسنت)

For More Books Click To Ahlesunnat Kitab Ghar

سوال10:

کیا روزے کیلیے سحری شرط ہے؟

جواب:

روزے کے لئے سحری شرط نہیں ہے, رات میں روزے کی نیت کرلی جائے یا پھر زوال سے پہلے بھی نیت کرسکتے ہیں، لیکن سحری کا وقت ختم ہونے کے بعد اور زوال سے پہلے نیت اس وقت کرسکتے ہیں جب دو چیزیں پائی جائیں:

1-پہلی یہ کہ روزہ بند ہونے کے بعد سے کوئی منافی روزہ کام مثلا کھانا پینا وغیرہ نہ کیا ہو.

2-دوسرا یہ کہ یہ نیت کرے کہ میں روزہ بند ہونے کے وقت سے روزے سے ہوں۔ (عامہ کتب فقہ)

واللہ اعلم ورسولہ اعلم عزوجل وصلی اللہ علیہ وسلم

کتبہ

عبید رضا مدنی

For More Books Click To Ahlesunnat Kitab Ghar

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ علٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ ط اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

روزے کے مسائل اور ان کا حل

قسط دوئم (02)

(سوال 11 تا 20)

سوال 11:

کیا خون نکلنے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب:

روزہ کسی چیز کے معدے کے راستہ میں یا دماغ میں جانے سے ٹوٹتا ہے، جسم سے کوئی چیز باہر آنے پر نہیں ٹوٹتا لھذا خون زخمی ہونے پر نکلے یا پھر ٹیسٹ کروانے کے لئے نکلوایا جائے یا کسی کو دینے کے لیے نکلوایا جائے, اس سے روزہ نہیں ٹوٹتا. کیونکہ حدیث مبارکہ میں ہے کہ:

"روزہ اس چیز سے ٹوٹتا ہے جو اندر جائے, جو باہر نکلے اس سے نہیں ٹوٹتا".

(مسند ابو یعلی وعامہ کتب فقہ)

سوال 12:

کیا انجیکشن اور ڈرپ لگوانے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب:

قوی اور مضبوط دلائل کی روشنی میں انجیکشن اور ڈرپ لگوانے سے روزہ نہیں ٹوٹتا لہذا ضرورت ہو تو انجیکشن یا ڈرپ لگوا سکتے ہیں۔

(فتاوی نوریہ, فتاوی فیض رسول, فتاوی یورپ, فتاوی بریلی, فتاوی اہلسنت وغیرہ)

سوال 13:

کیا سگریٹ اور حقہ وغیرہ پینے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب:

سگریٹ اور حقہ وغیرہ پینے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے. (بہارِ شریعت)

For More Books Click To Ahlesunnat Kitab Ghar

سوال14:

کیا اذانِ فجر تک سحری کر سکتے ہیں؟

جواب:

جب سحری کا وقت ختم ہو جاتا ہے تو اذانِ فجر اور نمازِ فجر کا وقت شروع ہوتا ہے لہذا جو سحری بند ہونے کے باوجود اذان ختم ہونے تک سحری کرتے رہتے ہیں (یعنی کھاتے پیتے رہتے ہیں) تو وہ اپنا روزہ برباد کر دیتے ہیں کیونکہ اس طرح ان کا روزہ ہوتا ہی نہیں اور سارا دن بھوک پیاس کے سوا انہیں کچھ حاصل نہیں ہوتا۔ (فیضانِ رمضان)

سوال15:

کیا تھوک اور بلغم کو نگلنے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب:

تھوک اور بلغم جب تک منہ میں ہوں، ان کو نگلنے سے روزہ نہیں ٹوٹتا، البتہ منہ سے باہر مثلاً ہتھیلی پر تھوک کر پھر منہ میں دوبارہ ڈالا تو روزہ ٹوٹ جائے گا اور ایسا عام طور پر کوئی نہیں کرتا۔ (در مختار مع رد المحتار)

سوال16:

کیا روزے کی حالت میں خوشبو سونگھنے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب:

خوشبو مائع (یعنی لیکوڈ) حالت میں ہو یا ٹھوس حالت میں, اس کو سونگھنے سے روزہ نہیں ٹوٹتا. (عامہ کتب فقہ)

سوال17:

کیا روزے کی حالت میں پان, تمباکو اور نسوار منہ میں رکھنے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب:

روزے کی حالت میں منہ میں پان, تمباکو اور نسوار رکھنے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے.

(فتاوی رضویہ جلد10)

For More Books Click To Ahlesunnat Kitab Ghar

سوال 18:

اگر بتی کا دھواں منہ یا ناک کے ذریعے اندر گیا تو روزے کا کیا حکم ہے؟

جواب:

اگر کسی جگہ یا کمرے میں اگر بتی سُلگ رہی ہو اور اس کا دھواں منہ یا ناک کے ذریعے اندر گیا تو اس سے روزہ نہیں ٹوٹے گا البتہ اگر منہ یا ناک کو اگر بتی کے قریب جا کر اس کے دھواں کو کھینچا اور روزہ بھی یاد ہو تو روزہ ٹوٹ جائے گا.

نوٹ: یونہی کسی بھی خوشبو دار یا غیر خوشبو دار دھوئیں کی دھونی اس طرح لی کہ اس کے دھوئیں کو ناک یا منہ سے حلق میں داخل کیا حالانکہ روزہ بھی یاد ہو تو روزہ ٹوٹ جائے گا۔ (در مختار مع رد المحتار)

سوال 19:

کیا حقنہ (یعنی پاخانے کے مقام میں دوا داخل کرنے سے) روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب:

روزہ یاد رہنے کے باوجود حقنہ لینے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے. (فتاوی عالمگیری)

سوال 20:

کیا مشت زنی (یعنی اپنے ہاتھوں سے منی نکالنے) سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب:

اگر مشت زنی سے انزال ہو جائے (یعنی منی نکل آئے) تو روزہ ٹوٹ جاتا ہے. (در مختار مع رد المحتار)

واللہ اعلم ورسولہ اعلم عزوجل وصلی اللہ علیہ وسلم

کتبہ

عبید رضا مدنی

رابطہ نمبر

+92 306 820 9672

رمضان المبارک ۱۴۴۰ ہجری

☆...☆...☆...☆...☆...☆

For More Books Click To Ahlesunnat Kitab Ghar

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ علٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ ط اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

روزے کے مسائل اور ان کا حل

قسط سوئم (03)

(سوال 21 تا 30)

سوال 21:

اگر دمے کا مریض سانس کو بحال کرنے کیلئے روزے کی حالت میں **انہیلر** استعمال کرے تو کیا حکم ہو گا؟

جواب:

انہلیر کے استعمال سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے کیونکہ اس کے ذریعے گیس اور باریک بوندوں کی شکل میں پانی اور دوا کے اجزاء مریض کے پھیپھڑوں تک پہنچتے ہیں. (فتاوی اہلسنت)

سوال 22:

کیا روزے کی حالت میں آکسیجن ماسک لگانے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب:

روزے کی حالت میں آکسیجن ماسک لگانے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے. (فیضان فرض علوم)

سوال 23:

روزے کی حالت میں ناک میں سپرے کرنے یا دواء چڑھانے کا کیا حکم ہے؟

جواب:

روزے کی حالت میں ناک میں سپرے کرنے یا دواء چڑھانے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے. (در مختار)

سوال 24:

کیا کسی کو خون دینے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب:

کسی کی جان بچانے کے لئے خون دینا بلا کراہت جائز ہے اور اس سے روزہ بھی نہیں ٹوٹتا.

(فیضان فرض علوم)

For More Books Click To Ahlesunnat Kitab Ghar

سوال 25:

کیا غیبت و گالی گلوچ کرنے اور جھوٹ بولنے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب:

غیبت کرنے, گالی گلوچ کرنے اور جھوٹ بولنے سے روزہ نہیں ٹوٹتا مگر یہ سب کام گناہ کے ہیں اور ان سے روزے کی نورانیت ختم ہو جاتی ہے.

(بہار شریعت وعامہ کتب فقہ)

سوال 26:

اگر دانتوں سے خون نکل آئے تو کیا روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب:

اگر دانتوں سے خون نکل کر حلق سے نیچے اتر جائے تو روزہ ٹوٹ جاتا ہے اور اگر حلق سے نیچے نہ اترے تو روزہ نہیں ٹوٹتا. (در مختار)

سوال 27:

کیا حجامہ (یعنی پچھنے) لگوانے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب:

حجامہ یعنی پچھنے لگوانے سے روزہ نہیں ٹوٹتا. (الجوھرۃ النیرۃ)

سوال 28:

کیا آنکھ میں دوء اڈالنے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب:

جی ہاں! روزے کی حالت میں آنکھ میں دواء ڈالنے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے.

(دارالافتاء اہلسنت, تفہیم المسائل)

For More Books Click To Ahlesunnat Kitab Ghar

سوال 29:

کیا کان میں دوا اور تیل وغیرہ ڈالنے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب:

اگر کان کا پردہ سلامت ہو تو کان میں دوا یا تیل وغیرہ ڈالنے سے روزہ نہیں ٹوٹتا اور اگر کان کا پردہ پھٹا ہوا ہو تو کان میں دوا اور تیل وغیرہ ڈالنے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے. (دارالافتاء اہلسنت, تفہیم المسائل, فیضانِ رمضان)

سوال 30:

کیا بیوی کا بوسہ لینے اور گلے لگانے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب:

اگر بیوی کا بوسہ لینے اور گلے لگانے سے منی خارج ہو جائے تو روزہ ٹوٹ جائے گا اور اگر منی خارج نہ ہو تو روزہ نہیں ٹوٹتا.

نوٹ: اگر کسی کو منی خارج ہونے یا جماع میں مبتلا ہونے کا اندیشہ ہو تو اس کے لئے یہ سب روزے کی حالت میں کرنا مکروہ ہے اور اگر اس کا اندیشہ نہ ہو تو بلا کراہت جائز ہے. (ردالمحتار)

واللہ اعلم ورسولہ اعلم عزوجل وصلی اللہ علیہ وسلم

کتبہ

عبید رضا مدنی

رابطہ نمبر

+92 306 820 9672

رمضان المبارک ۱۴۴۰ ہجری

☆...☆...☆...☆...☆...☆

For More Books Click To Ahlesunnat Kitab Ghar

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ علیٰ سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ ط اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

روزے کے مسائل اور ان کا حل

قسط چہارم (4)

(سوال 31 تا 40)

سوال 31:

اگر روزے کی حالت میں حیض یا نفاس شروع ہو جائے تو روزے کا کیا حکم ہو گا؟

جواب:

اگر روزے کی حالت میں حیض یا نفاس شروع ہو جائے تو روزہ ٹوٹ جائے گا اور وہ بعد میں قضا رکھے گی.

(مختصر القدوری مع الجوھرۃ النیرۃ)

سوال 32:

اگر حیض یا نفاس شروع ہونے کی وجہ سے کسی عورت کا روزہ ٹوٹ جائے تو کیا دن کا بقیہ حصہ کھا پی سکتی ہے؟

جواب:

اگر حیض یا نفاس شروع ہونے کی وجہ سے کسی عورت کا روزہ ٹوٹ جائے تو وہ دن کا بقیہ حصہ کھا پی سکتی ہے اور اس پر روزہ دار کی طرح بھوکا پیاسا رہنا واجب نہیں ہے. (ردالمحتار, الجوھرۃ النیرۃ)

سوال 33:

اگر غبارہ (کنڈم) چڑھا کر جماع کیا اور انزال نہ ہوا تو روزے کا کیا حکم ہو گا؟

جواب:

اگر کسی نے غبارہ (یعنی کنڈم) چڑھا کر اگلی یا پچھلی شرمگاہ میں روزہ یاد ہونے کے باوجود جماع کیا تو چاہے انزال ہو یا نہ ہو, بہر صورت روزہ ٹوٹ جائے گا اور قضاء کیساتھ ساتھ کفارہ بھی لازم ہو جائے گا.

For More Books Click To Ahlesunnat Kitab Ghar

سوال 34:

اگر شوہر نے روزے کی حالت میں غیر سبیلین (اگلی اور پچھلی شرمگاہ کے علاوہ) میں جماع کیا تو کیا ہے؟

جواب:

شوہر نے روزے کی حالت میں روزہ یاد ہونے کے باوجود غیر سبیلین میں جماع کیا مثلاً ران یا پیٹ پر شرمگاہ کو رگڑا تو اگر اس سے انزال ہو گیا یعنی منی خارج ہو گئی تو روزہ ٹوٹ جائے گا اور اس کی قضاء فرض ہو جائے گی اور اگر انزال نہ ہوا تو روزہ نہیں ٹوٹے گا.

سوال 35:

اگر کسی نے روزے کی حالت میں ہمبستری کر لی تو کیا حکم ہو گا؟

جواب:

اگر رمضان المبارک کے روزے کی حالت میں کسی نے ہمبستری کر لی تو اس کی تین صورتیں ہیں جو کہ درج ذیل ہیں:

1-اگر بھول کر ہمبستری کی تو روزہ نہیں ٹوٹے گا.

2-اگر کسی عاقِل, بالغ, مُقیم (یعنی غیر مسافر) نے ادائے رمضان کے روزے کی نیت سے روزہ رکھا اور نیت بھی رات میں کی اور بغیر کسی صحیح مجبوری کے جان بوجھ کر روزہ یاد رہنے کے باوجود ہمبستری کی تو روزہ ٹوٹ جائے گا اور قضاء کیساتھ ساتھ کفارہ بھی لازم ہو جائے گا.

2-اگر روزہ یاد رہنے کے باوجود کسی شرعی مسافر نے ہمبستری کی یا ایسے مقیم نے ہمبستری کی جس نے دن میں روزے کی نیت کی تھی یا کسی صحیح مجبوری مثلاً قتل وغیرہ کی صحیح دھمکی کیوجہ سے ہمبستری کی یا ایسے شخص نے ہمبستری کی جس نے ادائے رمضان کے علاوہ کوئی اور روزہ رکھا ہوا تھا تو روزہ ٹوٹ جائے گا اور صرف قضا لازم آئے گی, کفارہ لازم نہ ہو گا.

(در مختار, رد المحتار, بہار شریعت)

For More Books Click To Ahlesunnat Kitab Ghar

سوال 36:

روزے کی حالت میں عورت کا فَرج (یعنی اگلی شرمگاہ) میں دوا رکھنا کیسا ہے؟

جواب:

اگر روزے کی حالت میں عورت نے فرج میں دوا رکھی تو اس کی درج ذیل تین صورتیں ہیں جن میں پہلی دو صورتوں میں روزہ ٹوٹ جاتا ہے جبکہ تیسری صورت میں روزہ نہیں ٹوٹتا اور وہ تین صورتیں یہ ہیں:

1-فرجِ داخل (اندرونی اگلی شرمگاہ) میں دوا اس طرح رکھی کہ دوا اندر غائب کر دی اور دوا کا کوئی سرا باہر نہ رہا تو روزہ ٹوٹ جائے گا۔

2-فرج میں اس طرح دوا رکھی کہ جس کا کچھ حصہ چھوٹ کر اندر چلا گیا تو روزہ ٹوٹ جائے گا۔

3-فرج میں اس طرح دوا رکھی کہ اس کا ایک سرا باہر رہا اور فرجِ داخل میں بالکل غائب نہ ہوئی اور دوا کا کوئی جز اندر باقی بھی نہ رہا تو روزہ نہیں ٹوٹے گا۔ (فتاویٰ مصطفویہ)

سوال 37:

روزے کی حالت میں دل کے مریض کا زبان کے نیچے ٹکیہ (یعنی گولی) رکھنا کیسا ہے؟

جواب:

روزے کی حالت میں دل کے مریض کا زبان کے نیچے ٹکیہ (یعنی گولی) رکھنا روزے کو توڑ دے گا کیونکہ عموماً وہ گولی تھوک میں شامل ہو کر حلق سے نیچے اتر جاتی ہے۔ (ماہنامہ اشرفیہ)

بالفرض اگر گولی کا اثر حلق سے نیچے نہ اترے تو روزہ نہیں ٹوٹے گا مگر ایسا بہت مشکل ہے لہذا حتی الامکان اس سے گریز کیا جائے۔

سوال 38: روزے کی حالت میں بواسیر یا قبض کے مریض کیلیے اینما (Enema) کا کیا حکم ہو گا؟

جواب:

روزے کی حالت میں بواسیر یا قبض کے مریض کیلیے اینما (Enema) سے روزہ ٹوٹ جائے گا کیونکہ اینما میں مقعد (یعنی پاخانے کے مقام) میں دوا چڑھائی جاتی ہے جو حقنہ کی جدید صورت ہے۔ (محیط برہانی)

For More Books Click To Ahlesunnat Kitab Ghar

سوال 39:

اگر روزے کی حالت میں وضو یا غسل کرتے ہوئے غلطی سے پانی حلق سے نیچے اتر جائے یا ناک کے ذریعے دماغ تک چلا جائے تو کیا حکم ہو گا؟

جواب:

اگر روزے کی حالت میں وضو یا غسل کرتے ہوئے غلطی سے پانی حلق سے نیچے اتر جائے یا ناک کے ذریعے دماغ تک پہنچ جائے تو اس کی دو صورتیں بنتی ہیں کہ:

1- اگر اس وقت روزہ یاد ہو تو روزہ ٹوٹ جائے گا اور بعد میں اس کی قضاء کرنی ہو گی.

2- اگر اس وقت روزہ یاد نہ ہو تو روزہ نہیں ٹوٹے گا. (در مختار, عالمگیری, بہار شریعت)

سوال 40:

اگر روزے کی حالت میں نہر میں غوطہ لگاتے ہوئے غلطی سے پانی حلق سے نیچے اتر جائے یا ناک کے ذریعے دماغ تک چلا جائے تو کیا حکم ہو گا؟

جواب:

اگر روزے کی حالت میں نہر میں غوطہ لگاتے ہوئے غلطی سے پانی حلق سے نیچے اتر جائے یا ناک کے ذریعے دماغ تک پہنچ جائے تو اس کی دو صورتیں بنتی ہیں کہ:

1- اگر اس وقت روزہ یاد ہو تو روزہ ٹوٹ جائے گا اور بعد میں اس کی قضاء کرنی ہو گی.

2- اگر اس وقت روزہ یاد نہ ہو تو روزہ نہیں ٹوٹے گا. (در مختار, عالمگیری, بہار شریعت)

واللہ اعلم ورسولہ اعلم عزوجل وصلی اللہ علیہ وسلم

کتبہ

عبید رضا مدنی

For More Books Click To Ahlesunnat Kitab Ghar

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ علٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ ط اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

روزے کے مسائل اور ان کا حل

قسط پنجم (5)

(سوال 41 تا 50)

سوال 41:

اگر شوگر کا مریض روزے کی حالت میں انسولین لے تو کیا حکم ہو گا؟

جواب:

عموماً شوگر کا مریض انجیکشن کے ذریعے انسولین گوشت میں لیتا ہے, لہذا روزے کی حالت میں انجیکشن کے ذریعے انسولین لینے سے روزہ نہیں ٹوٹتا. (دارالافتاء اہلسنت)

سوال 42:

مسافر کو روزہ چھوڑنے کی اجازت کب ہوتی ہے؟

جواب:

جو مسافر 92 کلومیٹر یا اس سے زیادہ سفر کے متصل ارادے سے صبحِ صادِق (یعنی وقتِ سحری ختم ہونے) سے پہلے اپنے شہر یا گاؤں کی آبادی سے باہر نکل گیا ہو تو وہ روزہ چھوڑ سکتا ہے اور بعد میں اس روزے کی قضا رکھے گا اور اگر صبحِ صادق کے طلوع ہونے کے بعد (یعنی سحری کا وقت ختم ہونے کے بعد) مثلاً دن 8 بجے سفر کیلئے نکلنا ہو تو اس دن کا روزہ نہیں چھوڑ سکتا, اگر چھوڑے گا تو گناہگار ہو گا.

نوٹ: جس صورت میں مسافر کو روزہ چھوڑنے کی اجازت ہے, اس صورت میں اگر خود مسافر کو یا اس کے ساتھیوں کو اس کے روزہ رکھنے میں نقصان نہ پہنچے تو اس مسافر کیلئے روزہ رکھنا بہتر ہے اور اگر اس کو یا اس کے ساتھیوں کو نقصان پہنچے تو روزہ نہ رکھنا بہتر ہے. (در مختار, رد المحتار, فتاوی عالمگیری)

For More Books Click To Ahlesunnat Kitab Ghar

سوال 43:

مریض کو کب روزہ چھوڑنے کی اجازت ہے؟

جواب:

مریض کو روزہ رکھنے سے بیماری کے بڑھ جانے یا دیر سے تندرست ہونے کا ظنِ غالب ہو (یعنی غالب گمان ہو جو کہ 50 فیصد سے زائد ہوتا ہے) تو اس کو اجازت ہے کہ روزہ نہ رکھے اور بعد میں اس روزے کی قضا رکھے.

نوٹ: یہی حکم اس تندرست آدمی کا بھی ہے جس کو روزہ رکھنے کی وجہ سے بیمار پڑ جانے کا ظنِ غالب ہو. (در مختار)

سوال 44:

مریض کو ظنِ غالب کتنی چیزوں سے حاصل ہو گا؟

جواب:

مریض کو ظنِ غالب تین چیزوں میں سے کسی ایک چیز سے حاصل ہو گا جو کہ درج ذیل ہیں:

1- ظاہری علامت و نشانی سے

2- اپنے ذاتی تجربہ سے

3- ماہر و تجربہ کار ڈاکٹر سے (ردالمحتار)

سوال 45:

کیا مریض کا فریا فاسق ڈاکٹر کے کہنے سے روزہ چھوڑ سکتا ہے؟

جواب:

چونکہ فی زمانہ مسلمان غیر فاسق ماہر ڈاکٹر کا ملنا بہت ہی مشکل ہے لہذا قابلِ اعتماد ماہر ڈاکٹر, کافر ہو یا فاسق, اگر وہ روزہ نہ رکھنے کا کہے اور مریض کا دل بھی اچھی طرح مطمئن ہو کہ ڈاکٹر درست کہہ رہا ہے تو مریض ایسے کافر یا فاسق ماہر ڈاکٹر کے کہنے پر روزہ چھوڑ سکتا ہے, البتہ بہتر یہی ہے کہ ایک سے زائد ڈاکٹرز سے مشورہ کر لے.

(فیضانِ رمضان)

For More Books Click To Ahlesunnat Kitab Ghar

سوال 46:

حاملہ عورت کے لیے روزے رکھنے کا کیا حکم ہے؟

جواب:

حاملہ عورت کو اگر اپنی جان یا بچے کی جان جانے کا صحیح اندیشہ ہو تو اس کو اجازت ہے کہ روزے نہ رکھے اور بعد میں ان روزوں کی قضا رکھے.

(در مختار مع رد المحتار)

سوال 47:

دودھ پلانے والی عورت کے لیے روزے رکھنے کا کیا حکم ہے؟

جواب:

دودھ پلانے والی عورت کو اگر اپنی جان یا بچے کی جان جانے کا صحیح اندیشہ ہو تو اس کو اجازت ہے کہ روزے نہ رکھے اور بعد میں ان روزوں کی قضا رکھے, خواہ اپنے بچے کو دودھ پلا رہی ہو یا کسی اور کے بچے کو اجرت پر دودھ پلا رہی ہو.

(در مختار مع رد المحتار)

سوال 48:

کیا بے ہوشی سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب:

بے ہوشی سے روزہ نہیں ٹوٹتا چاہے خود بخود بے ہوش ہو جائے یا اس کو انجیکشن کے ذریعے بے ہوش کیا جائے البتہ اگر ناک میں گیس سونگھانے یا منہ کے راستے سے گیس داخل کر کے بے ہوش کیا جائے تو اس سے روزہ ٹوٹ جائے گا اور بعد میں اس کی قضا لازم ہو گی.

(ماہنامہ اشرفیہ)

For More Books Click To Ahlesunnat Kitab Ghar

سوال 49:

روزے کی حالت میں انڈوسکوپی (Endoscopy) کا کیا حکم ہے؟

جواب:

روزے کی حالت میں انڈوسکوپی کروانے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے کیونکہ اس میں ایک پائپ پر زایلوکین (Xylocien) وغیرہ لگا کوڈلگا کر منہ کے راستے سے اس کو معدے میں داخل کیا جاتا ہے لہذا اس وجہ سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے.

(ماہنامہ اشرفیہ)

سوال 50:

روزے کی حالت میں مرد کی پیشاب کی نالی میں کیتھیڑ (علاج کا آلہ) داخل کرنے کا کیا حکم ہے؟

جواب:

روزے کی حالت میں مرد کی پیشاب کی نالی میں کیتھیڑ داخل کرنے سے روزہ نہیں ٹوٹتا کیونکہ پیشاب کی نالی کے ذریعے جو دوا اندر داخل ہوتی ہے, وہ زیادہ سے زیادہ مثانہ تک پہنچے گی اور مثانے اور معدے کے درمیان کوئی منفذ (یعنی سوراخ) نہیں ہے.

(ماہنامہ اشرفیہ)

واللہ اعلم ورسولہ اعلم عزوجل وصلی اللہ علیہ وسلم

کتبہ

عبید رضا مدنی

رابطہ نمبر

+92 306 820 9672

رمضان المبارک ۱۴۴۰ ہجری

☆...☆...☆...☆...☆...☆

For More Books Click To Ahlesunnat Kitab Ghar

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ علٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ ط اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

روزے کے مسائل اور ان کا حل

قسط ششم (6)

سوال 51 تا 60

سوال 51:

روزے کی حالت میں دانتوں کے مریض کیلئے آر سی ٹی کروانا یا دانت اکھڑوانا یا دانتوں کی کوئی اور اصلاح کروانا کیسا ہے؟

جواب:

دانتوں کے مریض کو چاہیے کہ وہ رات ہی میں آر سی ٹی کروائے یا دانت اکھڑوائے یا دانتوں کی کوئی اور اصلاح کروائے, اور اگر روزے کی حالت میں ایسا کروایا اور روزہ یاد رہنے کے باوجود خون یا دوا کا کوئی حصہ حلق سے نیچے اتر گیا تو روزہ ٹوٹ جائے گا اور بعد میں قضا لازم ہو گی اور اگر حلق سے نیچے کچھ نہ اترا تو روزہ نہ ٹوٹا لیکن روزے کی حالت میں یہ سب کروانا مکروہ ہے کیونکہ اس میں روزہ ٹوٹنے کا اندیشہ ہوتا ہے. (ماہنامہ اشرفیہ)

سوال 52:

روزے کی حالت میں ہیموڈائلے سِس کروانا کیسا ہے؟

جواب:

روزے کی حالت میں ہیموڈائلے سِس کروانے سے روزہ نہیں ٹوٹتا کیونکہ اس طریقہ کار میں خون سے فاسد مادوں, اضافی نمک اور زائد پانی کو مشین کے ذریعے باہر نکال لیا جاتا ہے پھر مادوں اور کیمیاوی وغذائی مواد کے اضافے کے ساتھ رگوں کے ذریعے خون کو جسم میں دوبارہ چڑھا دیا جاتا ہے, کیونکہ یہ سب چیزیں مساموں کے ذریعے بدن میں جاتی ہیں لہذا اس سے روزہ نہیں ٹوٹتا. (ماہنامہ اشرفیہ)

For More Books Click To Ahlesunnat Kitab Ghar

سوال 53:

روزے کی حالت میں پیری ٹونیل ڈائلے سِس کروانا کیسا ہے؟

جواب:

روزے کی حالت میں پیری ٹونیل ڈائلے سس کروانے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے کیونکہ اس طریقہ کار میں مریض کے پیٹ میں موٹی تہہ تک سوراخ کر کے اندر معدے سے متصل بیرونی جھلی تک ایک پائپ ڈالا جاتا ہے اور پھر اس کے ذریعے ایک خاص قسم کا پانی اور پیری ٹونیل فلوڈ پیٹ کی جھلی میں ڈالا اور پھر باہر نکالا جاتا ہے, لہذا اس سے روزہ ٹوٹ جائے گا اور بعد میں اس کی قضا لازم ہو گی.

(ماہنامہ اشرفیہ)

سوال 54:

اگر مؤذن کی اذان پر روزہ افطار کر لیا اور افطاری کا وقت نہیں ہوا تھا تو کیا حکم ہے؟

جواب:

اگر مؤذن کی اذان پر روزہ افطار کر لیا اور افطاری کا وقت نہیں ہوا تھا تو روزہ ٹوٹ جائے گا اور بعد میں اس روزے کی قضا کرنی ہو گی لیکن کفارہ لازم نہیں ہو گا اور نہ ہی گناہگار ہو گا.

(الجوھرۃ النیرۃ, نورالایضاح, مختصر القدوری)

سوال 55:

اگر غلطی سے روزہ ٹوٹ گیا تو کیا بقیہ دن بھر کھا پی سکتے ہیں یا روزہ دار کی طرح بھوکا پیاسا رہنا ہو گا؟

جواب:

اگر غلطی سے روزہ ٹوٹ گیا مثلاً روزہ یاد ہوتے ہوئے کلی کی اور پانی حلق سے نیچے اتر گیا تو روزہ ٹوٹ جائے گا اور اس کی قضا کرنی ہو گی اور باقی دن روزہ دار کی طرف بھوکا پیاسا رہنا اس پر واجب ہو گا.

(در مختار, رد المحتار بہار شریعت)

For More Books Click To Ahlesunnat Kitab Ghar

سوال 56:

اگر روزے کی حالت میں بار بار منہ خشک ہو جائے تو کیا ٹھنڈے پانی سے کلیاں کر سکتے ہیں؟

جواب:

اگر روزے کی حالت میں بار بار منہ خشک ہو جائے تو ٹھنڈے پانی کی کلیاں کرنا بغیر کسی کراہت کے جائز ہے, اور اس سے روزے پر کوئی اثر نہیں پڑتا, جبکہ پریشانی ظاہر کرنے کے لیے ایسا نہ کیا جائے اور اگر پریشانی ظاہر کرنے کے لیے کوئی بار بار کلیاں کرے تو یہ مکروہ و ناپسندیدہ ہے. (در مختار)

سوال 57:

روزے کی حالت میں ٹھنڈک حاصل کرنے کے لیے بار بار نہانا کیسا ہے؟

جواب:

روزے کی حالت میں ٹھنڈک حاصل کرنے کیلئے بار بار نہانا بالکل جائز ہے اور اس سے روزے پر کوئی اثر نہیں پڑتا اور نہ ہی روزہ ٹوٹتا ہے البتہ اگر پریشانی ظاہر کرنے کے لیے ایسا کیا جائے تو یہ مکروہ و ناپسندیدہ ہے.

چنانچہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم روزے کی حالت میں پیاس کی وجہ سے یا گرمی کی وجہ سے سر پر پانی ڈالتے تھے.

(سنن ابو داود, کتاب الصوم)

سوال 58:

کیا روزہ نمازِ تراویح کے لئے شرط ہے؟

جواب:

روزہ الگ عبادت ہے اور نماز تراویح الگ عبادت ہے, ہر عاقل بالغ مقیم (یعنی غیر مسافر) مسلمان پر روزہ فرض ہے اور نمازِ تراویح سنتِ مؤکدہ ہے, تو اگر کوئی بلا عذر روزہ نہ رکھے گا تو روزہ چھوڑنے کی وجہ سے گناہگار ہو گا لیکن تراویح پڑھنے سے تراویح ہو جائے گی اور اگر روزہ رکھے اور تراویح نہ پڑھے تو روزہ ہو جائے گا لیکن بلا عذر مسلسل تراویح نہ پڑھنے کی وجہ سے گناہگار ہو گا لہذا روزہ اور نمازِ تراویح ایک دوسرے کے لئے شرط نہیں ہیں.

(عامہ کتب فقہ)

For More Books Click To Ahlesunnat Kitab Ghar

سوال 59:

روزہ رکھنے کی نیت کیسے کریں گے؟

جواب:

نیت دل کے پختہ ارادے کا نام ہے, زبان سے نیت کرنا شرط نہیں, مگر زبان سے نیت کرنا مستحب ضرور ہے لہذا جب رات میں روزے کی نیت کریں تو یوں کہیں:

"نَوَیْتُ اَنْ اَصُوْمَ غَدًا لِلّٰہِ تَعَالٰی مِنْ فَرْضِ رَمَضَانَ"

(یعنی میں نے نیت کی کہ میں کل رمضان کا فرض روزہ اللہ تعالٰی کیلئے رکھوں گا).

اور اگر دن میں روزے کی نیت کریں تو یوں کہیں:

"نَوَیْتُ اَنْ اَصُوْمَ ھٰذَا الْیَوْمَ لِلّٰہِ تَعَالٰی مِنْ فَرْضِ رَمَضَانَ"

(یعنی میں نے نیت کی کہ میں آج کے دن رمضان کا فرض روزہ رکھوں گا).

(الجوھرۃ النیرۃ شرح مختصر القدوری)

نوٹ: اپنی مادری زبان میں بھی نیت کر سکتے ہیں.

سوال 60:

کس چیز سے افطار کرنا سنت ہے نیز افطار کی دعا کونسی ہے اور کب پڑھنی چاہیے؟

جواب:

تر کھجور یا خشک کھجور (چھوہارے) یا پانی کے ساتھ افطار کرنا سنت ہے.

(فتاوی رضویہ)

افطار کر لینے کے بعد سنت پر عمل کرنے کی نیت سے یہ دعا پڑھ لینی چاہیے:

"اَللّٰھُمَّ لَکَ صُمْتُ وَعَلٰی رِزْقِکَ اَفْطَرْتُ"

(یعنی اے اللہ! تیرے لئے میں نے روزہ رکھا اور تیرے رزق پر افطار کیا) (سنن ابو داؤد)

For More Books Click To Ahlesunnat Kitab Ghar

"اَللّٰھُمَّ لَکَ صُمْتُ وَعَلَیْکَ تَوَکَّلْتُ وَعَلٰی رِزْقِکَ اَفْطَرْتُ"

(یعنی اے اللہ! تیرے لئے میں نے روزہ رکھا اور تجھ پر توکل کیا اور تیرے رزق پر افطار کیا)

(بغیۃ الباحث عن زوائد مسند الحارث)

نوٹ: چونکہ افطار کا وقت دعاؤں کی مقبولیت کا وقت ہوتا ہے لہذا ان دعاؤں کے بعد دیگر دعائیں بھی کرنی چاہیں.

فائدہ: افطار سے پہلے دعا کرنا سنت نہیں ہے لہذا افطار کرنے کے بعد مثلا کھجور کھا لینے یا تھوڑا سا پانی پی لینے کے بعد ہی دعا کیجیے. (فتاوی رضویہ)

واللہ اعلم ورسولہ اعلم عزوجل وصلی اللہ علیہ والہ وسلم

کتبہ

عبید رضا مدنی

رابطہ نمبر

+92 306 820 9672

رمضان المبارک ۱۴۴۰ ہجری

☆...☆...☆...☆...☆...☆

For More Books Click To Ahlesunnat Kitab Ghar

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ علیٰ سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ ط اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

روزے کے مسائل اور ان کا حل

قسط ہفتم (7)

سوال 61 تا 70

سوال 61:

کیا کنٹیکٹ لینز لگانے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب:

کنٹیکٹ لینز لگانے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے کیونکہ ان کو لیکوڈ (تری) میں رکھا جاتا ہے اور جب آنکھوں میں لگایا جاتا ہے تو وہ لیکوڈ آنکھوں کے منفذ (سوراخ) کے ذریعے حلق سے نیچے اتر جاتا ہے. (عامہ کتب فقہ)

سوال 62:

روزے کی حالت میں عورتوں کا لپسٹک (lipstick) یعنی سرخی لگانا کیسا ہے؟

جواب:

روزے کی حالت میں عورتیں لپسٹک لگا سکتی ہیں, اس سے روزہ نہیں ٹوٹتا, البتہ جن عورتوں کو ہونٹوں پر زبان پھیرنے کی عادت ہو تو وہ روزے کی حالت میں لپسٹک لگانے سے گریز کریں کیونکہ اس طرح کرنے سے اگر لپسٹک کا کوئی جز حلق سے نیچے اتر گیا تو روزہ ٹوٹ جائے گا. (تفہیم المسائل)

سوال 63:

اگر روزے کے دوران گفتگو کرتے ہوئے تھوک سے ہونٹ تر ہو جائیں اور روزہ دار اس کو نگل لے تو روزے کا کیا حکم ہو گا؟

جواب:

اگر روزے کے دوران گفتگو کرتے ہوئے ہونٹ تھوک سے تر ہو جائیں تو اس کو نگلنے سے روزہ نہیں ٹوٹتا اگرچہ روزہ یاد ہو, مگر بہتر یہی ہے کہ اس کو نہ نگلا جائے. (فتاوی عالمگیری)

For More Books Click To Ahlesunnat Kitab Ghar

سوال64:

اگر کوئی شخص روزہ کی حالت میں بیوی سے صحبت کر کے کہے کہ مجھے معلوم نہیں تھا کہ اس سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے تو آیا اس پر کفارہ بھی ہو گا؟

جواب:

پوچھی گئی صورت میں درج ذیل شرائط پائی جائیں تو کفارہ لازم ہو جائے گا:

1-وہ شخص عاقل ہو

2-بالغ ہو

3-مقیم ہو(شرعی مسافر نہ ہو)

4-رمضان المبارک کا روزہ ہو

5-ادائے رمضان کی نیت سے روزہ رکھا ہو

6-روزے کی نیت رات میں کی ہو

7-جماع کے ساتھ روزہ توڑنے کے بعد بغیر اختیار ایسا امر نہ پایا جائے جس کی بنا پر روزہ توڑنے کی اجازت ہو جیسے روزہ توڑنے کے بعد ایسا بیمار ہو جس سے روزہ توڑنا جائز ہو جائے تو پھر کفارہ لازم نہیں ہو گا

8-کسی صحیح مجبوری کے بغیر جان بوجھ کر جماع کیا ہو

9-روزہ یاد ہو.

نوٹ:اس کی بیوی کیلیے بھی مذکورہ 9 شرائط پائے جانے پر یہی حکم ہو گا اور مزید ایک شرط یہ بھی پائی جائے کہ:

10-جماع کے بعد روزے کے منافی کوئی امر نہ پایا جائے جیسے حیض ونفاس کا شروع ہو جانا تو اگر جماع کے بعد حیض ونفاس شروع ہو گیا تو کفارہ لازم نہیں ہو گا. (فیضانِ رمضان)

For More Books Click To Ahlesunnat Kitab Ghar

سوال 65:

روزے کی حالت میں عورتوں کا میک اَپ کرنا کیسا ہے؟

جواب:

روزے کی حالت میں عورتوں کا میک اپ کرنا جائز ہے بشرطیکہ غیر محرم مردوں کے سامنے بے پردگی اور نمائش مقصود نہ ہو. (تفہیم المسائل)

سوال 66:

اگر روزے کی حالت میں کسی کے زخم سے پیپ نکلتی رہتی ہو تو روزے کا کیا حکم ہو گا؟

جواب:

اگر روزے کی حالت میں کسی کے زخم سے پیپ نکلتی رہتی ہو تو اس سے, اس کے روزے پر کوئی اثر نہیں پڑے گا اور نہ اس کا روزہ ٹوٹے گا. (عامہ کتب فقہ)

سوال 67:

کیا عورت روزے کی حالت میں بچے کو دودھ پلا سکتی ہے؟

جواب:

عورت روزے کی حالت میں بچے کو دودھ پلا سکتی ہے, اِس سے اُس کے روزے پر کوئی اثر نہیں پڑے گا.
(تفہیم المسائل)

سوال 68:

رمضان المبارک میں اعلانیہ کھانا پینا کیسا ہے؟

جواب:

جو لوگ شرعی عذر کے بغیر رمضان المبارک کے دنوں میں روزے نہیں رکھتے اور علانیہ کھاتے پیتے ہیں تو حکومتِ اسلامیہ پر فرض ہے کہ وہ انہیں قتل کر دے یا عمر قید کی سزا دیدے, اور جہاں اسلامی حکومت نہ ہو تو وہاں کے مسلمان ایسے لوگوں سے معاشرتی بائیکاٹ کریں. (فتاوی یورپ)

For More Books Click To Ahlesunnat Kitab Ghar

سوال 69:

اگر روزے کی حالت میں کسی کو کھٹی ڈکار آئے اور اس کی وجہ سے حلق کے اندر کروا ہٹ اور پانی محسوس ہو اور پھر وہ پانی وغیرہ حلق سے نیچے اتر جائے تو اس صورت میں روزے کا کیا حکم ہو گا؟

جواب:

کھٹی ڈکار (جس کو سرائیکی میں غڑچّی کہتے ہیں) آنے سے روزہ نہیں ٹوٹتا اگرچہ اس کی وجہ سے جو پانی حلق میں آیا تھا وہ حلق سے نیچے اتر جائے, یہ اس قے کی طرح ہے جو منہ بھر سے کم ہوتی ہے تو جس طرح منہ بھر سے کم قے کی وجہ سے روزہ نہیں ٹوٹتا اگرچہ وہ واپس حلق سے نیچے اتر جائے تو اسی طرح کھٹی ڈکار سے بھی روزہ نہیں ٹوٹے گا.

(ردالمحتار, فتاوی رضویہ)

سوال 70:

شوال المکرم کے چھ روزے رکھنے کے بارے میں کیا حکم ہے؟

جواب:

شوال المکرم کے چھ روزے رکھنا سنت ہے, چاہے مسلسل رکھے جائیں یا بیچ میں چھوڑ چھوڑ کر رکھے جائیں.

چنانچہ حضور علیہ الصلاۃ والسلام نے ارشاد فرمایا:

"جس نے ماہِ رمضان کے روزے رکھے, پھر اس کے بعد ماہِ شوال کے چھ روزے رکھے تو گویا اس نے سال بھر کا روزہ رکھا".

(مشکوۃ المصابیح)

واللہ اعلم ورسولہ اعلم عزوجل وصلی اللہ علیہ والہ وسلم

کتبہ

عبید رضا مدنی

رابطہ نمبر

+92 306 820 9672

رمضان المبارک ۱۴۴۰ ہجری

☆...☆...☆...☆...☆...☆

For More Books Click To Ahlesunnat Kitab Ghar

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ علٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ ط اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

روزے کے مسائل اور ان کا حل

قسط ہشتم (8)

(سوال 71 تا 80)

سوال 71:

سحری کے وقت مسلمانوں کو سحری کے واسطے اٹھانے کے لیے ڈھول بجانا کیسا ہے؟

جواب:

سحری کے وقت مسلمانوں کو سحری کے واسطے اٹھانے کے لئے ڈھول بجانا ناجائز و گناہ ہے. (حبیب الفتاویٰ)

سوال 72:

روزے کی حالت میں عورتوں کیلیے دنداسہ استعمال کرنا کیسا ہے؟

جواب:

اگر دنداسے کا کوئی جز حلق سے نیچے اتر گیا اور حلق میں اس کا مزہ محسوس ہوا اور روزہ دار ہونا بھی یاد ہو تو روزہ ٹوٹ جائے گا اور اس صورت میں صرف قضا واجب ہوگی, کفارہ نہیں اور اگر کامل احتیاط کی کہ دنداسے کا کوئی جز حلق سے نیچے نہ اترا تو اس سے روزہ نہیں ٹوٹے گا مگر ذائقہ دار ہونے کی وجہ سے بلاضرورتِ صحیحہ روزے کی حالت میں دنداسہ استعمال کرنا مکروہِ تنزیہی اور شرعاً ناپسندیدہ ہے اسلیے حتی الامکان روزے کی حالت میں دنداسہ کرنے سے بچنا چاہیے. (ماخوذ از فتاوی رضویہ)

سوال 73:

کیا رمضان المبارک کی راتوں میں ہمبستری کرنا جائز ہے؟

جواب:

رمضان المبارک کی راتوں میں ہمبستری کرنا جائز ہے. (پارہ 2 سورۃ البقرہ: 187)

For More Books Click To Ahlesunnat Kitab Ghar

سوال 74:

کیا بھول کر کھانے, پینے اور ہمبستری کرنے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب:

بھول کر کھانے, پینے اور ہمبستری کرنے سے روزہ نہیں ٹوٹتا. (بخاری و مسلم)

(روزے کے جدید فقہی مسائل)

سوال 75:

دوا کے ذریعے حیض و نفاس کو بند کر کے روزہ رکھنا کیسا ہے؟

جواب:

اگر حیض و نفاس کو بند کرنے کے لیے دوا کھائی اور طلوعِ صبحِ صادق (یعنی سحری کا وقت ختم ہونے) سے پہلے حیض و نفاس کا خون رک گیا اور روزہ رکھنے کی طاقت بھی ہوئی تو روزہ رکھنا لازم ہو جائے گا اور اس صورت میں روزہ نہ رکھنے پر گناہگار ہو گی مگر چونکہ حیض و نفاس کو دوا کے ذریعے روکنا طبی (یعنی میڈیکل کے) حوالے سے نقصان دہ ہے لہذا اِس سے بچنا چاہیے.

سوال 76:

سائرن کی آواز پر روزہ بند کرنا اور افطار کرنا (کھولنا) کیسا ہے؟

جواب:

اگر اہل سنت و جماعت کی جانب سے جاری کردہ معتبر نقشہ اوقات (جیسا کہ دعوتِ اسلامی کی مجلس توقیت کے ترتیب شدہ نقشہ اوقات ہیں, ان) کے مطابق سائرن بجایا جائے تو اس کی آواز پر روزہ بند کرنا اور افطار کرنا جائز ہے. (بہارِ شریعت)

سوال 77:

اگر ایئر فریشر کے ذریعے مسجد یا کمرے میں چھڑکاؤ کیا گیا ہو تو کیا اس کو سونگھنے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب:

اگر ایئر فریشر کے ذریعے مسجد یا کمرے میں چھڑکاؤ کیا گیا ہو تو اس کو سونگھنے سے روزہ نہیں ٹوٹتا البتہ اگر ایئر فریشر کو ناک پر چھڑک کر سونگھا تو روزہ ٹوٹ جائے گا. (در مختار مع رد المحتار)

For More Books Click To Ahlesunnat Kitab Ghar

سوال 78:

اگر کوئی سعودی عرب میں رمضان المبارک کے روزے پورے کر کے عید کا چاند دیکھ کر پاکستان آئے اور پاکستان میں ایک روزہ باقی ہو تو کیا حکم ہو گا؟

جواب:

اگر کوئی سعودی عرب میں رمضان المبارک کے روزے پورے کر کے, عید کا چاند دیکھ کر پاکستان آئے اور پاکستان میں ایک روزہ باقی ہو تو وہ پاکستانیوں کے ساتھ ایک روزہ مزید رکھے گا. (ماخوذ از جامع ترمذی)

سوال 79:

روزے کی حالت میں مہندی لگانا کیسا ہے؟

جواب:

روزے کی حالت میں مہندی لگانا جائز ہے, اس سے روزہ نہیں ٹوٹتا. (فتاوی بریلی)

سوال 80:

روزے کی حالت میں شیو (shave) کروانا کیسا ہے؟

جواب:

روزے کی حالت میں شیو کروانے سے روزہ نہیں ٹوٹتا مگر شیو کروانا روزے کے علاوہ بھی ناجائز و گناہ اور منع ہے اور روزے کی حالت میں تو اور زیادہ گناہ اور منع ہے, اور اس سے روزے کی روحانیت پر بھی اثر پڑے گا.

(عامہ کتب فقہ)

واللہ اعلم ورسولہ اعلم عزوجل وصلی اللہ علیہ والہ وسلم

کتبہ

عبید رضا مدنی

رابطہ نمبر

+92 306 820 9672

رمضان المبارک ۱۴۴۰ ہجری

☆...☆...☆...☆...☆...☆

For More Books Click To Ahlesunnat Kitab Ghar

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ علٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ ط اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

روزے کے مسائل اور ان کا حل

قسط نہم (9)

(سوال 81 تا 90)

سوال 81:

اگر روزے کی حالت میں اپنی بیوی سے فون پر بات کرنے کی وجہ سے مذی خارج ہو جائے تو کیا روزہ ٹوٹ جائے گا؟

جواب:

روزے کی حالت میں اپنی بیوی سے فون پر بات کرنے کی وجہ سے مذی خارج ہو جائے تو اس سے روزہ نہیں ٹوٹتا البتہ وضو ٹوٹ جائے گا. (عامہ کتب فقہ)

سوال 82:

روزے کی حالت میں ناخن تراشنا کیسا ہے؟

جواب:

روزے کی حالت میں ناخن تراشنا بالکل جائز ہے, اس سے روزے پر کوئی اثر نہیں پڑتا. (فتاوی بریلی)

سوال 83:

اگر کسی روزے دار کو بھول کر کھاتے پیتے دیکھیں تو کیا حکم ہے؟

جواب:

اگر کسی روزہ دار کو بھول کر کھاتے پیتے دیکھیں تو اس کو روزہ یاد دلانا واجب ہے, اگر یاد نہیں دلائیں گے تو گناہگار ہوں گے, البتہ اگر روزہ دار بہت ہی کمزور ہو کہ یاد دلانے پر وہ کھانا پینا چھوڑ دے گا جس کی وجہ سے اتنی کمزوری بڑھ جائے گی کہ اس کے لیے روزہ رکھنا ہی مشکل ہو جائے گا تو یاد نہ دلانا بہتر ہے. (بہار شریعت)

For More Books Click To Ahlesunnat Kitab Ghar

سوال 84:

اگر رمضان المبارک کے چند روزے قضا ہو جائیں تو ان کو رکھتے وقت ان کی نیت کیسے کی جائے گی؟

جواب:

اگر ایک رمضان المبارک کے چند روزے قضا ہو جائیں تو یوں نیت کریں گے:

"اس رَمَضان کے پہلے روزے کی قضا, اس رمضان کے دوسرے روزے کی قضا".

اور اگر دو(2) رمضان المبارک کے کچھ روزے باقی ہوں تو یوں نیت کریں گے:

"اِس رمضان کے پہلے روزے کی قضا, اِس رمضان کے دوسرے روزے کی قضا, اُس رمضان کے پہلے روزے کی قضا, اُس رمضان کے دوسرے روزے کی قضا".

اور اگر دن اور سال کو خاص (Fix) نہ بھی کیا, تب بھی روزے ہو جائیں گے. (فتاوی عالمگیری)

سوال 85:

کون کون سے دنوں میں روزہ رکھنا مکروہِ تحریمی اور ناجائز و گناہ ہے؟

جواب:

پورے سال میں پانچ دن ایسے ہیں, جن میں روزے رکھنا مکروہِ تحریمی اور ناجائز و گناہ ہے جبکہ باقی تمام دنوں میں روزے رکھنا جائز ہیں, وہ پانچ دن یہ ہیں:

1- عید الفطر (یکم شوال المکرم) کا روزہ

2- 10 ذوالحجۃ الحرام کا روزہ

3- 11 ذوالحجۃ الحرام کا روزہ

4- 12 ذوالحجۃ الحرام کا روزہ

5- 13 ذوالحجۃ الحرام کا روزہ (فتاوی عالمگیری)

For More Books Click To Ahlesunnat Kitab Ghar

سوال 86:

اگر روزے کی حالت میں استنجا کرتے وقت پاخانے کا مقام باہر نکل پڑے تو کیا حکم ہے؟

جواب:

اگر روزے کی حالت میں استنجا کرتے وقت پاخانے کا مقام باہر نکل پڑے تو حکم یہ ہے کہ اٹھنے سے پہلے کپڑے وغیرہ سے خوب پونچھ لے تاکہ پانی کی تری باقی نہ رہے, اور اگر پاخانے کے مقام پر کچھ پانی باقی تھا, وہ بغیر پونچھے کھڑا ہو گیا اور پانی اندر چلا گیا تو روزہ ٹوٹ جائے گا. (بہار شریعت)

سوال 87:

اگر روزے کی حالت میں کسی عورت کی بچہ دانی (رحم) باہر آجائے تو کیا حکم ہے؟

جواب:

اگر روزے کی حالت میں استنجا کرتے وقت عورت کی بچہ دانی باہر آجائے تو حکم یہ ہے کہ اٹھنے سے پہلے کپڑے وغیرہ سے خوب پونچھ لے تاکہ پانی کی تری باقی نہ رہے, اور اگر بچہ دانی پر کچھ پانی باقی تھا اور وہ بغیر پونچھے کھڑی ہو گئی اور پانی اندر چلا گیا تو روزہ ٹوٹ جائے گا.

(روزے کے جدید فقہی مسائل)

سوال 88:

اگر روزے کی حالت میں گندے اور فحش مناظر دیکھنے کی وجہ سے انزال ہو گیا (یعنی منی خارج ہو گئی) تو روزے کا کیا حکم ہو گا؟

جواب:

اگر روزے کی حالت میں گندے اور فحش مناظر دیکھنے کی وجہ سے شہوت کے ساتھ انزال ہو گیا اور اس کا کوئی فعل نہ پایا گیا یعنی ہاتھ وغیرہ کے استعمال کے بغیر شہوت کے ساتھ منی خارج ہو گئی تو روزہ نہیں ٹوٹے گا مگر اس سے روزے کی نورانیت چلی جائے گی اور وہ سخت گناہگار بھی ہو گا اور اس پر غسل بھی فرض ہو جائے گا.

(عامہ کتب فقہ)

For More Books Click To Ahlesunnat Kitab Ghar

سوال 89:

اگر کھارے پانی سے وضو کرنا ہو تو روزے کی حالت میں اس پانی سے کلی کرنا کیسا ہے ؟

جواب:

اگر کھارے پانی سے وضو کرناہو (جیسے سمندر کا پانی یا جیسے بعض علاقوں کا پانی بہت کھاری ہوتا ہے) تو روزے کی حالت میں اس پانی سے کلی کی جاسکتی ہے اور اس میں کوئی حرج نہیں ہے کیونکہ وضو میں کلی کرنا سنتِ مؤکدہ ہے جبکہ کھارے پانی سے کلی کرنا روزے کی حالت میں بلاضرورتِ صحیحہ چکھنے کے ضمن میں زیادہ سے زیادہ مکروہِ تنزیہی ہو سکتا ہے اور جب ضرورت صحیحہ ہو (جیسے منہ میں بدبو ہونا) تو مکروہِ تنزیہی بھی نہیں رہے گا تو وہ کام (یعنی کھارے پانی سے کلی کرنا) جس میں مکروہِ تنزیہی ہونے اور نہ ہونے کا احتمال موجود ہے, اِس کی وجہ سے سنتِ مؤکدہ کو نہیں چھوڑا جا سکتا کیونکہ سنتِ مؤکدہ کو عادتاً چھوڑنا گناہ ہے جب کہ مکروہِ تنزیہی کو عادتاً کرنا گناہ نہیں , یہی وجہ ہے کہ زمانہ نبوت سے ہی چند کنوؤں کے سوا پانی کھاری ہوتا تھا خصوصا مدینہ شریف کا لیکن کبھی بھی حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ والہ وسلم یا کسی صحابی یا تابعی یا فقیہ مجتہد (رضی اللہُ عنھم) نے روزے کی حالت میں کھارے پانی کے ساتھ کلی کرنے سے منع نہیں فرمایا.

لہذا کھارے پانی سے کلی کرنا بلاکراہت جائز بلکہ سنتِ مؤکدہ ہے.

سوال 90:

سحری کے وقت کھانے کے جو ذرات دانتوں میں پھنسے ہوئے ہوں, اگر کوئی روزے کی حالت میں ان کو نگل لے تو کیا حکم ہو گا؟

جواب:

سحری کے وقت دانتوں میں کھانے کے جو ذرات پھنسے ہوئے ہوں, اگر کوئی ان کو روزے کی حالت میں روزہ یاد ہونے کے باوجود نگل لے تو اگر وہ چنے کے برابر ہوں یا چنے کی مقدار سے زیادہ ہوں تو روزہ ٹوٹ جائے گا اور بعد میں قضا لازم ہو جائے گی اور اگر وہ چنے کی مقدار سے کم ہوں تو ان کو نگلنے سے روزہ نہیں ٹوٹے گا. (در مختار)

For More Books Click To Ahlesunnat Kitab Ghar

نوٹ: چَنوں کا سائز چونکہ مختلف ہوتا ہے تو اس مسئلہ میں نہ چھوٹے چنے کا اعتبار ہو گا اور نہ بہت بڑے چنے کا, بلکہ درمیانے چنے کا اعتبار ہو گا.

واللہ اعلم ورسولہ اعلم عزوجل وصلی اللہ علیہ والہ وسلم

کتبہ

عبید رضا مدنی

رابطہ نمبر

+92 306 820 9672

رمضان المبارک ۱۴۴۰ ہجری

☆...☆...☆...☆...☆...☆

For More Books Click To Ahlesunnat Kitab Ghar

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ علیٰ سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ ط اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

روزے کے مسائل اور ان کا حل

قسط دھم (10)

سوال 91 تا 100

سوال 91:

چونکہ جدید طبی ریسرچ (تحقیق) کے مطابق آنکھ اور حلق کے درمیان منفذ (یعنی سوارخ) ہوتا ہے تو اگر وضو اور غسل کے دوران آنکھ میں پانی چلا جائے تو روزے کا کیا حکم ہو گا؟

جواب:

وضو یا غسل کے دوران آنکھ میں پانی چلے جانے سے روزہ نہیں ٹوٹتا کیونکہ اس سے بچنا بہت مشکل ہے.

(عامہ کتب فقہ)

سوال 92:

کیا حمل والی عورت کے اندرونی چیک اَپ (اندرونی الٹراساؤنڈ) سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب:

بچے کی پیدائشی معلومات حاصل کرنے کیلئے حاملہ عورت جو شرمگاہ کے ذریعے اندرونی الٹراساؤنڈ کرواتی ہے تو جن آلات کے ذریعے اندرونی چیک اپ (اندرونی الٹراساؤنڈ) کیا جاتا ہے اگر ان پر کوئی میڈیسن یا لیکوڈ (تری) لگائے بغیر اندرونی چیک اپ ہوا تو روزہ نہیں ٹوٹے گا اور اگر کوئی میڈیسن یا لیکوڈ لگا کر چیک اپ کروایا تو جیسے دوا یا تری اندر جائے گی تو اس سے روزہ ٹوٹ جائے گا.

(در مختار, رد المحتار, بہار شریعت)

سوال 93:

اگر روزے کی حالت میں ایسا زخم ہو جائے کہ جس میں ٹانکے لگوانے پڑیں تو کیا حکم ہو گا؟

جواب:

اگر روزے کی حالت میں ایسا زخم ہو جائے کہ جس میں ٹانکے لگوانے پڑیں تو اس کی وجہ سے روزے پر کوئی اثر نہیں پڑے گا.

(عامہ کتب فقہ)

For More Books Click To Ahlesunnat Kitab Ghar

سوال 94:

روزے کی حالت میں ناف میں تیل ٹپکانا کیسا ہے؟

جواب:

روزے کی حالت میں ناف میں تیل ٹپکانا بلا کراہت جائز ہے, اس سے روزے پر کوئی اثر نہیں پڑتا کیونکہ اس طرح کرنے سے بدن میں تیل مساموں کے ذریعے جاتا ہے منفذ (یعنی سوراخ) کے ذریعے نہیں جاتا اور اس پر فقہاء کرام علیہم الرحمۃ کا اتفاق ہے کہ جو چیز مساموں کے ذریعے بدن میں داخل ہو, اس سے روزہ نہیں ٹوٹتا. (عامہ کتب فقہ)

سوال 95:

کیا روزے کی حالت میں مصنوعی دانت منہ میں لگا سکتے ہیں؟

جواب:

وہ مصنوعی دانت جو بآسانی اتر سکتے ہیں, ان کو روزے کی حالت میں منہ میں لگا سکتے ہیں بشرطیکہ ان کا ذائقہ حلق میں محسوس نہ ہو. (فقہی معلومات)

سوال 96:

کیا روزے کی حالت میں نکسیر پھوٹنے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب:

اگر روزے کی حالت میں نکسیر پھوٹے اور خون حلق سے نیچے نہ اترے تو روزے پر کوئی اثر نہیں پڑتا, البتہ اگر خون حلق سے نیچے اتر جائے اور روزہ دار ہونا یاد ہو تو روزہ ٹوٹ جائے گا. (عامہ کتب فقہ)

سوال 97:

کیا روزے کی حالت میں داڑھ میں انجیکشن لگایا جا سکتا ہے؟

جواب:

بوقتِ ضرورت داڑھ میں انجیکشن لگوا سکتے ہیں, اس سے روزے پر اثر نہیں پڑے گا البتہ پوری احتیاط کی جائے کہ دوا, خون وغیرہ حلق سے نیچے نہ اترے ورنہ روزہ ٹوٹ جائے گا۔ (عامہ کتب فقہ)

For More Books Click To Ahlesunnat Kitab Ghar

سوال 98:

بچوں کو کس عمر سے روزہ رکھوانا چاہیے؟

جواب:

بچے جب سات سال کے ہو جائیں اور روزہ رکھنے کی طاقت ہو تو روزہ رکھنے کا کہا جائے اور جب دس سال کے ہو جائیں اور روزہ رکھنے کی طاقت ہونے کے باوجود نہ رکھیں تو مار کر روزے رکھوائیں.

(ردالمحتار)

سوال 99:

روزے کی حالت میں مردوں کا ہونٹوں پر چیپسٹک لگانا کیسا ہے؟

جواب:

روزے کی حالت میں مردوں کیلئے ہونٹوں پر چیپسٹک لگانا جائز ہے اور اس سے روزہ نہیں ٹوٹتا البتہ اگر کسی کی ہونٹوں پر زبان پھیرنے کی عادت ہو تو وہ روزے کی حالت میں اس سے پرہیز کرے کہ اگر اس کا کوئی جز حلق سے نیچے اتر گیا تو روزہ ٹوٹ جائے گا اور اگر چیپسٹک کا ذائقہ منہ میں محسوس ہوتا ہو تو پھر روزے کی حالت میں بلاضرورتِ صحیحہ اسے ہونٹوں پر لگانا مکروہِ تنزیہی اور شرعاً ناپسندیدہ ہے.

(ردالمحتار)

سوال 100:

اگر بازار سے ایسی چیز خریدنا ہو کہ اس کو نہ چکھا تو نقصان ہو سکتا ہے تو کیا روزے کی حالت میں اسے چکھ سکتے ہیں؟

جواب:

اگر واقعی کوئی ایسی چیز خریدنی ہو کہ اسے نہ چکھنے پر نقصان ہو سکتا ہے تو روزے کی حالت میں چکھنا بلا کراہت جائز ہے اور اگر ایسی صورتحال نہ ہو تو بلا عذر چکھنا مکروہِ تنزیہی اور شرعاً ناپسندیدہ ہے. (در مختار, ردالمحتار)

For More Books Click To Ahlesunnat Kitab Ghar

نوٹ: چکھنے سے مراد کھانا نگلنا نہیں بلکہ صرف زبان پر رکھ کر مزہ معلوم کر کے اسے تھوک دینا اور اس کے کسی جز کو حلق سے نیچے نہ جانے دینا ہے. (بہار شریعت)

واللہ اعلم ورسولہ اعلم عزوجل وصلی اللہ علیہ والہ وسلم

کتبہ

عبید رضا مدنی

For More Books Click To Ahlesunnat Kitab Ghar

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ علیٰ سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ ط اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

روزے کے مسائل اور ان کا حل

قسط گیارہ (11)

(سوال 101 تا 110)

سوال 101:

کیا خونی بواسیر سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب:

خونی بواسیر سے روزہ نہیں ٹوٹتا کیونکہ اس سے کوئی چیز منفذ (سوراخ) کے ذریعے جسم کے اندر داخل نہیں ہوتی.

(در مختار, رد المحتار)

سوال 102:

اگر طلوعِ صبحِ صادِق (یعنی سحری وقت ختم ہونے) کے بعد حیض و نفاس والی عورت پاک ہو تو روزے کا کیا حکم ہو گا؟

جواب:

اگر طلوعِ صبحِ صادِق (یعنی سحری وقت ختم ہونے) کے بعد حیض و نفاس والی عورت پاک ہو تو اس دن کا روزہ تو نہیں رکھ سکتی, مگر دن کا بقیہ حصہ اس پر روزہ داروں کی طرح (بھوکا پیاسا) رہنا واجب ہے. (در مختار)

سوال 103:

کیا اے سی (A.C) کے سامنے سانس لینے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب:

اے سی (A.C) کے سامنے سانس لینے سے روزہ نہیں ٹوٹتا. (مدنی مذاکرہ)

سوال 104: کیا عورت دردِ زہ کی وجہ سے روزہ توڑ سکتی ہے؟

جواب:

عورت کو دردِ زِہ میں اپنی یا بچے کی جان جانے کا اندیشہ ہو تو روزہ توڑ سکتی ہے.

نوٹ: بچے کی پیدائش کے وقت جو درد ہوتی ہے اسے دردِ زہ کہا جاتا ہے. (فقہی معلومات)

For More Books Click To Ahlesunnat Kitab Ghar

سوال 105:

اگر سحری کرنے کے بعد روزے کی نیت کرلی اور ابھی سحری کرنے کا وقت باقی ہو تو کیا روزے کی نیت کے بعد کھانا پینا جائز ہے؟

جواب:

اگر سحری کرنے کے بعد روزے کی نیت کرلی اور ابھی سحری کا وقت باقی ہو تو روزے کی نیت کے بعد بھی سحری کا وقت ختم ہونے سے پہلے تک کھانا پینا جائز ہے. (عامہ کتب فقہ)

سوال 106:

اگر کسی کی آنکھ لیٹ کھلی اور اس نے یہ سمجھ کر کہ ابھی سحری کا وقت باقی ہے, کھا پی لیا, بعد میں پتہ چلا کہ سحری کا وقت تو ختم ہو چکا تھا تو اس کے روزے کا کیا حکم ہو گا؟

جواب:

اگر کسی کی آنکھ لیٹ کھلی اور اس نے یہ سمجھ کر کہ ابھی سحری کا وقت باقی ہے, کھا پی لیا, بعد میں پتہ چلا کہ سحری کا وقت تو ختم ہو چکا تھا تو اِس صورت میں اُس کا روزہ نہیں ہو گا بلکہ بعد میں اس روزے کی قضا رکھنی ہو گی لیکن کفارہ واجب نہیں ہو گا اور نہ ہی گناہگار ہو گا البتہ بقیہ دن روزہ دار کی طرح بھوکا پیاسا رہنا اس پر واجب ہو گا, اگر کھانا پینا جاری رکھا تو گناہگار ہو گا. (دارالافتاء اہلسنت)

سوال 107:

کیا عورت روزے کی حالت میں کھانا وغیرہ چکھ سکتی ہے؟

جواب:

اگر کسی عورت کا شوہر ظالم ہو یا غصے والا ہو اور کھانے میں نمک اور مرچ مصالحے کی کمی بیشی کی وجہ سے مارتا ہو یا ڈانٹ ڈپٹ کرتا ہو تو روزے کی حالت میں وہ کھانا وغیرہ چکھ سکتی ہے مگر بغیر عذر کے چکھنا مکروہِ تنزیہی اور شرعاً ناپسندیدہ ہے. (بہارِ شریعت)

For More Books Click To Ahlesunnat Kitab Ghar

سوال 108:

کیا روزے کی حالت میں درد کم کرنے والی پٹی باندھ سکتے ہیں؟

جواب:

روزے کی حالت میں درد کم کرنے والی پٹی باندھ سکتے ہیں, اس سے روزے پر کوئی اثر نہیں پڑتا. (فتاویٰ اہلسنت)

سوال 109:

اگر روزے کی حالت میں زہریلے حشرات الارض جیسے سانپ بچھو وغیرہ ڈس لیں تو کیا روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب:

اگر روزے کی حالت میں زہریلے حشرات الارض جیسے سانپ بچھو وغیرہ ڈس لیں تو ڈسنے کی وجہ سے روزہ نہیں ٹوٹتا, البتہ اگر جان جانے کا اندیشہ ہو تو روزہ توڑ کر بعد میں اس کی قضا رکھ لی جائے. (ردالمحتار)

سوال 110:

روزے کی حالت میں طاقت حاصل کرنے کے لیے اور بھوک پیاس ختم کرنے کیلئے ڈرپ لگوانا کیسا ہے؟

جواب:

اگر کسی نے روزے کی حالت میں طاقت حاصل کرنے اور بھوک پیاس ختم کرنے کے لیے ڈرپ لگوائی تو اگرچہ اس سے روزہ نہیں ٹوٹے گا مگر ان مقاصد کیلئے روزے کی حالت میں ڈرپ لگوانا مکروہ ہے کیونکہ یہ روزے کے مقاصد (مثلاً بھوک پیاس کا احساس وغیرہ) کے خلاف ہے. (عامہ کتب فقہ)

واللہ اعلم ورسولہ اعلم عزوجل وصلی اللہ علیہ والہ وسلم

کتبہ

عبید رضا مدنی

رابطہ نمبر

+92 306 820 9672

رمضان المبارک ۱۴۴۰ ہجری

☆...☆...☆...☆...☆...☆

For More Books Click To Ahlesunnat Kitab Ghar

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ علیٰ سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ ط اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

روزے کے مسائل اور ان کا حل

قسط بارہ (12)

(سوال 111 تا 120)

سوال 111:

بواسیر کا ایک مریض ہے, جب وہ قضائے حاجت کے لئے جاتا ہے تو قضائے حاجت مکمل نہیں ہو پاتی اور قبض کا شکار ہو جاتا ہے اور اگر قضائے حاجت سے پہلے ڈابر لال منجن استعمال کر لے تو مکمل قضائے حاجت ہو جاتی ہے تو کیا مکمل قضائے حاجت کے لئے روزے کی حالت میں بواسیر کا ایسا مریض ڈابر لال منجن استعمال کر سکتا ہے؟

جواب:

روزے کی حالت میں بواسیر کا ایسا مریض (جس کا سوال میں ذکر کیا گیا) ڈابر لال منجن اس طرح مکمل احتیاط کے ساتھ استعمال کر سکتا ہے کہ اس کا کوئی جز حلق سے نیچے نہ اترے, یعنی دانتوں پر لگا کر انگلی یا برش کی مدد سے ملکر کلی کر دے اور اچھی طرح منہ صاف کر لے, البتہ اس منجن کا کوئی جز حلق سے نیچے اتر گیا اور روزہ بھی یاد ہو تو روزہ ٹوٹ جائے گا. (ماخوذ از فتاوی رضویہ)

سوال 112:

اگر کسی نے احتلام کے بعد یہ سمجھ کر کھا پی لیا کہ روزہ ٹوٹ گیا ہے تو کیا اس پر کفارہ واجب ہو گا؟

جواب:

روزے کی حالت میں احتلام ہونے سے روزہ نہیں ٹوٹتا لیکن اگر کسی کو احتلام ہوا اور اس نے یہ گمان کر کے کھا پی لیا کہ احتلام سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے تو اس پر صرف اس روزے کی قضا لازم ہو گی، کفارہ لازم نہیں ہو گا۔

(در مختار, فتاوی عالمگیری)

نوٹ: سوتے ہوئے غسل فرض ہو جائے (یعنی منی خارج ہو جائے) تو اسے احتلام کہتے ہیں.

For More Books Click To Ahlesunnat Kitab Ghar

سوال 113:

روزے کی حالت میں آنکھوں میں آبِ زَمْ زَمْ ڈالنا کیسا ہے؟

جواب:

اگر کوئی روزے کی حالت میں روزہ یاد ہونے کے باوجود آنکھوں میں آبِ زم زم ڈالے (یا کوئی اور پانی ڈالے) تو روزہ ٹوٹ جائے گا. (ماخوذ از فتاوی خانیہ, فتاوی بزازیہ، فتاوی رضویہ)

آنکھ میں پانی یا آب زمزم بالقصد ڈالنا مفسدِ صوم ہے یا نہیں, اس کے بارے میں کچھ وضاحت پہلے کے فقہاء کرام کے مطابق آنکھ اور حلق کے درمیان منفذ نہیں ہے اور اب بھی کئی علماء کرام کا یہی موقف ہے تو ان کے نزدیک آنکھ میں دوا ڈالنے سے روزہ نہیں ٹوٹتا جب کہ ان کے نزدیک کان اور حلق کے درمیان منفذ موجود ہے لہذا اگر کوئی کان میں دوا ڈالے یا تیل ڈالے تو روزہ ٹوٹ جائے گا, رہی بات پانی کی تو اگر کان کے اندر خود بخود پانی چلا جائے تو فقہاء کرام بالاتفاق فرماتے تھے کہ اس سے روزہ نہیں ٹوٹتا اور اگر جان بوجھ کر کوئی پانی کان میں ڈالے تو اس سے روزہ ٹوٹے گا یا نہیں اس میں فقہاء کرام کا اختلاف ہے بعض فقہاء کرام کے نزدیک صحیح یہی ہے کہ روزہ ٹوٹ جائے گا جیسے فتاوی خانیہ, بزازیہ, وغیرہ (ان فقہاء کرام نے صلاح بدن کا اعتبار نہیں کیا بلکہ اس کا اعتبار کیا کہ وہ اپنے عمل سے پانی پہنچا رہا ہے)

جبکہ بعض فقہاء کرام کے نزدیک صحیح یہی ہے کہ روزہ نہیں ٹوٹے گا جیسا کہ تنویر الابصار, درمختار ,ھدایہ, تبیین, محیط, ولوالجیہ, میں ہے اور اس کے غیر مفسد صوم کی علت یہ بیان کی کہ یہ صلاح بدن کا باعث نہیں,

مگر اب جدید طبی تحقیق کے مطابق آنکھ اور حلق کے درمیان منفذ موجود ہے اور کان اور حلق کے درمیان منفذ موجود نہیں تو پہلے جو حکم کان کیلیے تھا اب وہی حکم آنکھ کیلیے ہوگا تو آنکھ میں دوا ڈالنا تو مفسد صوم ہوگا ہی لیکن آنکھ میں پانی کا پہنچنا اور پہنچانا مفسد صوم ہوگا یا نہیں اس میں وضاحت ہے:

For More Books Click To Ahlesunnat Kitab Ghar

اگر خود بخود پانی آنکھوں میں جائے تو اس سے تو روزہ نہیں ٹوٹے گا بعینہ ویسے ہی جیسے کان کے مسئلہ میں قدیم تحقیق کے مطابق گزرا کیونکہ اس سے بچنا بہت دشوار ہے , لیکن خود آنکھ میں پانی ڈالنا یہ مفسد صوم ہوگا یا نہیں؟ یہاں پر بھی کان کے مسئلے پر قیاس کرتے ہوئے بعینہ وہی اختلاف بنے گا جو کان کے مسئلے میں تھا.

تو پہلے صاحبِ درمختار وغیرہ کے مؤقف کو لیتے ہوئے میرا مؤقف یہی تھا کہ :

(کان کے مسئلہ پر قیاس کرتے ہوئے) آنکھ میں پانی ڈالنے سے روزہ نہیں ٹوٹتا کیونکہ آنکھ میں پانی ڈالنا صلاح بدن کیلیے نہیں ہے بلکہ کان کے مقابلے میں زیادہ نقصان دہ ہے

لیکن جب میں نے مفتی خالد تسنیم مدنی صاحب کی توجہ دلانے پر دوبارہ اس موضوع پر مطالعہ کیا تو میرے سامنے جدالممتار کی عبارت گزری جس میں سیدی اعلی حضرت امام احمد رضا خان رضی اللہ عنہ نے امام قاضی خان علیہ الرحمہ کی تصحیح کو (کان میں پانی ڈالنے والے مسئلہ میں) اقوی قرار دیا اور فتاوی رضویہ جلد دس میں اصح الاقوال پر اسے مفسد قرار دیا

تو سیدی اعلی حضرت علیہ الرحمۃ کے اقول پر لبیک کہتے ہوئے میں نے اپنے پہلے مؤقف سے رجوع کر لیا جس میں, کان کے مسئلے پر قیاس کرتے ہوئے میں نے کہا تھا کہ اگر کوئی روزے کی حالت میں آب زم زم آنکھوں میں ڈالے تو روزہ نہیں ٹوٹتا اور یہی صاحبِ درمختار کے مختار قول کے مطابق تھا

اور اب سیدی اعلی حضرت امام احمد رضا خان رضی اللہ عنہ کی تحقیق کی وجہ میرا یہ مؤقف ہے کہ اگر کوئی جان بوجھ کر آنکھوں میں پانی ڈالے یا آب زم زم ڈالے اور اسے روزہ دار ہونا بھی یاد ہو تو اس کے قصد وفعل کا اعتبار کرتے ہوئے اس کا روزہ ٹوٹ جائے گا اگرچہ یہ صلاح بدن کا باعث نہیں بن رہا.

For More Books Click To Ahlesunnat Kitab Ghar

سوال 114:

اگر روزے کی حالت میں عورت کو استحاضہ یعنی بیماری کا خون آنا شروع ہو جائے تو روزے کا کیا حکم ہو گا؟

جواب:

استحاضہ یعنی بیماری کا خون روزے کے منافی (خلاف) نہیں اور نہ اس حالت میں روزہ معاف ہوتا ہے لہذا روزے کی حالت میں استحاضہ یعنی بیماری کے خون سے روزہ نہیں ٹوٹتا, عورت روزے کو مکمل کرے گی.

(فتاوی عالمگیری)

سوال 115:

کیا امتحانات کی وجہ سے رمضان المبارک کا روزہ چھوڑنا جائز ہے؟

جواب:

امتحانات کی وجہ سے رمضان المبارک کا روزہ چھوڑنا جائز نہیں.

(عامہ کتب فقہ)

سوال 116:

اگر روزے کی حالت میں ویلڈنگ (Welding) کا کام کرنے والے کے ناک اور منہ میں دھواں چلا جائے تو کیا روزہ ٹوٹ جائے گا؟

جواب:

اگر روزے کی حالت میں ویلڈنگ (Welding) کا کام کرنے والے کے ناک اور منہ میں خود بخود دھواں چلا جائے تو اس سے ویلڈر کا روزہ نہیں ٹوٹے گا. (ماہ مواسات, در مختار, رد المحتار)

سوال 117:

اگر کوئی کافر مسلمان کو افطاری کا سامان دے تو کیا مسلمان کافر کے دیئے ہوئے سامان سے افطاری کر سکتا ہے؟

جواب:

اگر کوئی کافر مثلاً ہندو وغیرہ مسلمان کو افطاری کا سامان دے تو مسلمان کافر کے دیئے ہوئے اس سامان سے جو گوشت کے علاوہ ہو, افطاری کر سکتا ہے. (فتاوی عالمگیری, ماہ مواسات)

For More Books Click To Ahlesunnat Kitab Ghar

سوال 118:

روزے کی حالت میں زخم پر مرہم و دوا لگانا کیسا ہے؟

جواب:

روزے کی حالت میں زخموں پر مرہم و دوا لگانا بالکل جائز ہے اور اس سے روزے پر کوئی اثر نہیں پڑتا.

(عامہ کتب فقہ)

سوال 119:

کیا روزے کی حالت میں "لیکوریا" آنے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب:

"لیکوریا" روزے کے منافی (خلاف) نہیں لہذا روزے کی حالت میں لیکوریا آنے سے روزہ نہیں ٹوٹتا.

(عامہ کتب فقہ)

سوال 120:

کیا روزے کی حالت میں گل (Gul) سے منہ دھو سکتے ہیں؟

جواب:

روزے کی حالت میں اس طرح گل (Gul) سے منہ دھونا کہ اس کا کوئی جز حلق سے نیچے نہ اترے، بلا کراہت جائز ہے اور اس سے روزے پر کوئی اثر نہیں پڑے گا اور اگر اس طرح گل سے منہ دھویا کہ اس کا کوئی جز حلق سے نیچے اتر گیا تو پھر روزہ ٹوٹ جائے گا.

(عامہ کتب فقہ)

واللہ اعلم ورسولہ اعلم عزوجل وصلی اللہ علیہ والہ وسلم

کتبہ

عبید رضا مدنی

رابطہ نمبر

+92 306 820 9672

رمضان المبارک ۱۴۴۰ ہجری

☆...☆...☆...☆...☆...☆

For More Books Click To Ahlesunnat Kitab Ghar

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ علیٰ سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ ط اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

روزے کے مسائل اور ان کا حل

قسط تیرہ (13)

سوال 121 تا 130

سوال 121:

اگر کسی کی سحری کے وقت آنکھ نہ کھلی تو کیا اس کے لئے روزہ چھوڑنا جائز ہے؟

جواب:

اگر کسی کی سحری کے وقت آنکھ نہ کھلی اور سحری کے بغیر اس کے اندر روزہ رکھنے کی طاقت ہے تو اس کے لئے روزہ چھوڑنا جائز نہیں ہوگا اور اس میں وہ سحری کے وقت کے ختم ہونے سے روزے کی نیت کرے گا بشرطیکہ سحری کا وقت ختم ہونے کے بعد کچھ کھایا پیا نہ ہو, اور اگر سحری کے بغیر روزے کی طاقت نہ ہو , اس طرح کہ بغیر سحری کے روزہ مکمل کرنے سے بیمار ہوجائے گا یا بیہوش ہوجائے گا اور اس کا اسے ذاتی مشاہدہ وتجربہ ہو تو اس کے لئے روزہ چھوڑنا جائز ہوگا, لیکن ایک مرتبہ کھا پی لینے کے بعد دن بھر روزہ دار کی طرح بھوکا پیاسا رہنا واجب ہو گا. (ماخوذ از عامہ کتب فقہ)

سوال 122:

روزے کی حالت میں کسی نے دھاکہ منہ میں اس طرح ڈالا کہ اس کا ایک سرا حلق سے نیچے اتر گیا اور دوسرا سرا ہاتھ میں رہا پھر اس نے کھینچ کر دھاکے کو باہر نکال لیا تو کیا اس کا روزہ ٹوٹ جائے گا ؟

جواب:

روزے کی حالت میں کسی نے دھاکہ منہ میں اس طرح ڈالا کہ اس کا ایک سرا حلق سے نیچے اتر گیا اور دوسرا سرا ہاتھ میں رہا پھر اس نے کھینچ کر دھاکہ منہ سے نکال لیا تو اس کا روزہ نہیں ٹوٹے گا, البتہ اگر ایسا رنگین دھاگہ منہ میں رکھا جس کی رنگت سے تھوک رنگین ہوگیا پھر وہ اس تھوک کو نگل گیا تو روزہ ٹوٹ جائے گا. (فتاوی عالمگیری وغیرہ)

For More Books Click To Ahlesunnat Kitab Ghar

سوال 123:

اگر کوئی حکیم روزے کی حالت میں دوا کوٹ رہا ہو اور اسے دوا کا ذائقہ حلق میں محسوس ہو تو کیا اس کا روزہ ٹوٹ جائے گا؟

جواب:

اگر کوئی حکیم روزے کی حالت میں دوا کوٹ رہا ہو اور اسے دوا کا ذائقہ حلق میں محسوس ہو تو اس کا روزہ نہیں ٹوٹے گا. (ردالمحتار)

سوال 124:

اگر کسی نے نیند کی حالت میں پانی پی لیا یا کچھ کھا لیا تو کیا اس کا روزہ ٹوٹ جائے گا؟

جواب:

اگر کسی نے نیند کی حالت میں پانی پی لیا یا کچھ کھا لیا تو اس کا روزہ ٹوٹ جائے گا. (بہار شریعت)

سوال 125:

اگر کسی روزے دار کے ہونٹ پر زخم ہو اور وہ ہونٹ کے چمڑے کو کھینچے, جس کی وجہ سے خون نکل کر حلق سے نیچے چلا جائے اور حلق میں ذائقہ بھی محسوس ہو تو روزے کا کیا حکم ہو گا ؟

جواب:

اگر ہونٹ سے نکلنے والا خون حلق میں چلا گیا اور حلق میں ذائقہ بھی محسوس ہوا تو اس کی دو صورتیں بنتی ہیں :

1-اگر اسے روزہ دار ہونا یاد نہیں تھا تو روزہ نہیں ٹوٹے گا.

2-اگر اسے روزہ دار ہونا یاد تھا تو اس کا روزہ ٹوٹ جائے گا اور بعد میں اس روزے کی قضا کرنی ہو گی اور روزہ ٹوٹنے کے باوجود دن بھر روزہ دار کی طرح بھوکا پیاسا رہنا واجب رہے گا.

(عامہ کتب فقہ)

For More Books Click To Ahlesunnat Kitab Ghar

سوال 126:

اگر کسی نے روزے کی حالت منہ میں تھوک کو جمع کرکے نگل لیا تو کیا اس کا روزہ ٹوٹ جائے گا ؟

جواب:

اگر کسی نے روزے کی حالت منہ میں تھوک کو جمع کرکے نگل لیا تو اس کا روزہ تو نہیں ٹوٹے گا لیکن اس کا یہ فعل مکروہ و ناپسندیدہ ضرور ہے. (بہار شریعت)

سوال 127:

رمضان المبارک میں ایسا سخت کام کرنا کہ جس سے کمزوری آ جائے اور روزہ توڑنے کا ظنِ غالب ہو جائے تو کیا حکم ہے

جواب:

رمضان المبارک کے دنوں میں ایسا سخت کام کرنا کہ جس سے اتنی کمزوری آجائے کہ روزہ توڑنے کا ظنِ غالب ہوجائے تو روزے کی حالت میں ایسا سخت کام کرنا جائز نہیں ہے جیسے نانبائی, معمار, مزدور اور دیگر مشقت کے کام کرنے والے ہوتے ہیں تو اگر ان کو روزے کی حالت میں دن بھر کام کرنے کی وجہ سے اتنی کمزوری آجائے گی کہ روزہ توڑنے کا ظنِ غالب ہو جائے گا تو پھر ان کے لئے دن بھر ایسے کام کرنا جائز نہیں ہوں گے لہذا ان سب کو چاہیے کہ دوپہر تک کام کرکے بقیہ دن آرام کریں.

(در مختار, فیضان رمضان)

سوال 128:

ایک روزے کا فدیہ کتنا ہوتا ہے؟

جواب:

ایک روزے کا فدیہ, ایک مسکین کو دو وقت کا پیٹ بھر کر کھانا کھلانا ہے یا ایک صدقہ فطر کی مقدار ہے اور صدقہ فطر کی مقدار دو کلو میں سے 80 گرام کم گندم یا اس کا آٹا یا اس کی رقم ہے.

(فیضان رمضان)

For More Books Click To Ahlesunnat Kitab Ghar

نوٹ: جس کو اللہ تعالیٰ نے مالی وسعت سے نوازا ہے اسے چاہیے کہ وہ فدیہ جو یا کھجور یا کشمش کے حساب سے دے اور ان سب میں سے ہر ایک کی مقدار 4 کلوگرام میں سے 160 گرام کم ہے یا اس کی قیمت ہے.

سوال 129:

کیا بوڑھا شخص روزے کے بجائے روزے کا فدیہ دے سکتا ہے؟

جواب:

اگر کوئی شخص اتنا بوڑھا اور کمزور ہو گیا ہے کہ اب نہ وہ روزہ رکھ سکتا ہے اور نہ ہی آیِندہ روزہ رکھنے کی طاقت آنے کی امید ہے تو اُسے روزہ نہ رکھنے کی اجازت ہے لہذا وہ ہر روزے کے بدلے میں ایک فدیہ دیدے. (در مختار)

سوال 130:

اگر روزے کا فدیہ دینے کے بعد روزہ رکھنے کی طاقت آ گئی تو کیا روزے کی قضا رکھنا لازم ہو گی؟

جواب:

اگر روزے کا فدیہ دینے کے بعد روزے کی طاقت آ گئی تو جو فدیہ دیا تھا وہ صدقہ نافلہ ہو گیا اور روزے کی قضا رکھنا لازم ہو جائے گی. (فتاوی عالمگیری)

واللہ اعلم ورسولہ اعلم عزوجل وصلی اللہ علیہ والہ وسلم

کتبہ

عبید رضا مدنی

رابطہ نمبر

+92 306 820 9672

رمضان المبارک ۱۴۴۰ ہجری

☆...☆...☆...☆...☆...☆

For More Books Click To Ahlesunnat Kitab Ghar

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ علٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ ط اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

روزے کے مسائل اور ان حل

قسط چودہ (14)

سوال 131 تا 140

سوال 131:

مساجد میں سحری اور افطاری کے وقت سائرن بجانا شرعا کیسا ہے ؟

جواب:

اگر سحری اور افطاری کے وقت سائرن کسی ماہرِ علمِ توقیت سنی عالِم کے ترتیب شدہ نقشہ کے مطابق بجایا جائے (جیسے مجلسِ توقیت دعوتِ اسلامی کے ترتیب شدہ نقشے ہیں) تو اس (سائرن بجانے) کے جائز ہونے میں کلام نہیں ہے. (ماخوذ از بہارِ شریعت)

سوال 132:

کیا دعوت کی وجہ سے نفلی روزہ توڑنا جائز ہے ؟

جواب:

اگر دعوت نہ کھانے کی وجہ سے مہمان یا میزبان کو اذیت و تکلیف ہو تو ضحوی کبری (یعنی زوال) سے پہلے پہلے نفلی روزہ توڑنا جائز ہے بشرطیکہ اس روزے کی قضا رکھنے کا بھروسہ ہو.

(فتاوی عالمگیری, درمختار, ردالمحتار)

سوال 133:

کیا روزہ دار روزے کی حالت میں دانتوں کا خلال کر سکتا ہے ؟

جواب:

روزہ دار روزے کی حالت میں دانتوں کا خلال خلال کر سکتا ہے. (فتاوی رضویہ)

For More Books Click To Ahlesunnat Kitab Ghar

سوال134:

روزے کی حالت میں مباشرتِ فاحشہ کرنا کیسا ہے ؟

جواب:

روزے کی حالت میں مباشرتِ فاحشہ کرنا (یعنی ننگے بدن اس طرح لپٹنا کہ شرم گاہیں ایک دوسرے سے مَسْ یعنی چُھُ ہوں) مکروہ ہے ہمبستری میں واقع ہونے اور انزال ہونے (یعنی منی نکلنے) کا اندیشہ ہو یا نہ ہو.

(فتاوی رضویہ)

سوال135:

روزے کی حالت میں بوسہ فَاحِشَہ (ہونٹوں کو ہونٹوں میں لیکر چبانے) کا کیا شرعی حکم ہے ؟

جواب:

روزے کی حالت میں بوسہ فَاحِشَہ (یعنی ہونٹوں کو ہونٹوں میں لیکر چبانا) مکروہ ہے چاہے ہمبستری میں واقع ہونے اور انزال ہونے (یعنی منی نکلنے) کا اندیشہ ہو یا نہ ہو.

(فتاوی رضویہ)

سوال136:

روزے کی حالت میں میاں بیوی کا ایک دوسرے کی زبان کو چوسنا کیسا ہے ؟

جواب:

روزے کی حالت میں میاں بیوی کا ایک دوسرے کی زبان اس طرح چوسنا کہ جو لعاب (یعنی تھوک) ایک دوسرے کا منہ میں آئے, اُسے تھوک دیا جائے تو یہ مکروہ ہے اور اگر ایک دوسرے کا لعاب حلق سے نیچے اتر گیا تو روزہ ہی ٹوٹ جائے گا بشرطیکہ روزہ یاد ہو, بلکہ اگر روزہ یاد ہونے کے باوجود لذت کے ساتھ جان بوجھ کر لعاب نگل لیا تو کفارہ بھی لازم ہو جائے گا بشرطیکہ کفارہ لازم ہونے کی دیگر شرائط بھی پائی جائیں.

(فتاوی رضویہ)

For More Books Click To Ahlesunnat Kitab Ghar

سوال 137:

کیا روزے کی حالت میں بیوی کی شرمگاہ دیکھنے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے ؟

جواب:

روزے کی حالت میں بیوی کی شرمگاہ دیکھنے سے روزہ نہیں ٹوٹتا ,اگرچہ بار بار دیکھے, اور اگر بار بار نظر کرنے کی وجہ سے چھوئے بغیر انزال ہوجائے (منی خارج ہو جائے) تب بھی روزہ نہیں ٹوٹے گا لیکن یہ صورت مکروہ ضرور ہے.

(فتاوی رضویہ)

سوال 138:

روزے کی حالت میں پودینے کی بھاپ لینا کیسا ہے ؟

جواب:

روزے کی حالت میں پودینے کی بھاپ نہیں لے سکتے, اگر روزہ یاد ہونے کے باوجود پودینے کی بھاپ لی تو روزہ ٹوٹ جائے گا اور اس روزے کی قضا لازم ہوجائے گی .

(ماخوذ از ردالمحتار)

سوال 139:

روزے کی حالت میں پلاسٹک پیکنگ میں بند کی گئی مسواک کرنا کیسا ہے ؟

جواب:

مسواک کو خراب ہونے سے بچانے کے لئے کیمیکل لگا کر پلاسٹک کی پیکنگ میں بند کر دیا جاتا ہے تو اگر پلاسٹک پیکنگ میں بند کی گئی مسواک کرنے سے ذائقہ محسوس نہ ہو تو روزے کی حالت میں ایسی مسواک کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے اور اگر اس کا ذائقہ محسوس ہو تو پھر روزے کی حالت میں ایسی مسواک کرنے سے بچنا چاہیے.

(ماخوز از فتاوی رضویہ)

For More Books Click To Ahlesunnat Kitab Ghar

سوال140:

روزے کی حالت میں نسوار سونگھنا کیسا ہے ؟

جواب:

روزے کی حالت میں نسوار سونگھنے کی درج ذیل تین صورتیں بنتی ہیں :

1-اگر روزہ یاد ہونے کے باوجود ناک میں نسوار رکھ کر سونگھی تو روزہ ٹوٹ جائے گا کیونکہ اس صورت میں نسوار کے ذرات دماغ تک پہنچ جائیں گے.

2-اگر روزہ یاد ہونے کے باوجود نسوار ناک میں ڈالے بغیر باہَر سے اس طرح سونگھی کہ نسوار کے ذرات دماغ تک پہنچ گئے تو اس سے بھی روزہ ٹوٹ جائے گا.

3-اگر روزہ یاد ہونے کے باوجود نسوار ناک میں ڈالے بغیر باہَر سے اس طرح سونگھی کہ نسوار کے ذرات دماغ تک نہ پہنچے تو روزہ نہیں ٹوٹے گا.

چونکہ روزے کی حالت میں نسوار سونگھنے کی دوصورتیں روزہ توڑ دیتی ہیں اسلیے روزے کی حالت میں نسوار سونگھنے سے بچنا چاہیے. (ماخوز از عامہ کتب فقہ)

واللہ اعلم ورسولہ اعلم عزوجل وصلی اللہ علیہ والہ وسلم

کتبہ

عبید رضا مدنی

رابطہ نمبر

+92 306 820 9672

رمضان المبارک ۱۴۴۰ ہجری

☆...☆...☆...☆...☆...☆

For More Books Click To Ahlesunnat Kitab Ghar

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ علٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ ط اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

روزے کے مسائل اور ان کا حل

قسط پندرہ (15)

سوال 141 تا 150

سوال 141:

اگر نہاتے ہوئے آنکھ میں شیمپو یا صابن چلا جائے تو کیا اس سے روزہ ٹوٹ جائے گا ؟

جواب:

اگر نہاتے ہوئے آنکھ میں شیمپو یا صابن چلا جائے تو اس سے روزہ نہیں ٹوٹے گا.

(ماخوذ از فتاوی خانیہ, فتاوی بزازیہ, فتاوی رضویہ)

سوال 142:

ہومیو پیتھک کے طریقہ علاج میں روزے کی حالت میں ہومیوپیتھک دوا کا قطرہ زبان پر ڈالا جاتا ہے جو زبان کے مساموں میں جذب ہوکر ڈائریکٹ خون میں شامل ہوجاتا ہے اور حلق میں اس دوا کا کوئی اثر نہیں جاتا تو روزے کا کیا حکم ہو گا ؟

جواب:

ہومیوپیتھک کے مذکورہ طریقہ علاج میں اگر واقعی دوا زبان کے مساموں میں جذب ہوکر ڈائریکٹ خون میں شامل ہو جاتی ہے اور حلق میں دوا کا کوئی ذرہ نہیں جاتا اور نہ حلق میں ذائقہ محسوس ہوتا ہے تو روزہ نہیں ٹوٹے گا اور اگر اس طریقہ علاج میں دوا کا کوئی ذرہ حلق میں گیا اور اس دوا کا ذائقہ حلق میں محسوس ہوا تو روزہ ٹوٹ جائے گا.

(ماخوذ از درمختار, ردالمحتار)

For More Books Click To Ahlesunnat Kitab Ghar

سوال 143:

اگر کوئی روزے کی حالت میں اپنی انگلی تر کرکے مقعد (یعنی پاخانے کے مقام) میں داخل کرے تو کیا اس کا روزہ ٹوٹ جائے گا ؟

جواب:

اگر کوئی روزے کی حالت میں, روزہ یاد ہونے کے باوجود, اپنی انگلی تر کرکے مقعد (یعنی پاخانے کے مقام) میں داخل کرے گا تو اس کا روزہ ٹوٹ جائے گا. (فتاوی عالمگیری)

سوال 144:

اگر کوئی عورت روزے کی حالت میں اپنی انگلی تر کرکے فَرج (یعنی اگلی شرم گاہ) میں داخل کرے گی تو کیا اس کا روزہ ٹوٹ جائے گا ؟

جواب:

اگر کوئی عورت روزے کی حالت میں, روزہ یاد ہونے کے باوجود, اپنی انگلی تر کرکے فَرج (یعنی اگلی شرم گاہ) میں داخل کرے گی تو اس کا روزہ ٹوٹ جائے گا. (فتاوی عالمگیری)

سوال 145:

کیا روزے کی حالت میں کمرے میں مچھر مار جلیبی جلا سکتے ہیں ؟

جواب:

جی ہاں! روزے کی حالت میں کمرے میں مچھر مار جلیبی جلا سکتے ہیں,اس سے روزے پر کوئی اثر نہیں پڑے گا, البتہ اگر روزہ یاد ہونے کے باوجود مچھر جلیبی پر ناک رکھ کر دھواں کھینچا تو روزہ ٹوٹ جائے گا. (ردالمحتار)

For More Books Click To Ahlesunnat Kitab Ghar

سوال146:

کیا عیدالفطر کے دوسرے دن کو روزہ رکھنا جائز ہے ؟

جواب:

جی ہاں! عیدالفطر کے دوسرے دن کو روزہ رکھنا جائز ہے کیونکہ صرف عیدالفطر کے پہلے دن یعنی یکم شوال المکرم کو روزہ رکھنا مکروہِ تحریمی اور ناجائز و گناہ ہے, اس کے بعد بقیہ پورے مہینے میں روزہ رکھنے کی ممانعت نہیں ہے. (عامہ کتب فقہ)

سوال147:

کیا بچے کی ولادت سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے ؟

جواب:

روزے کی حالت میں بچے کی ولادت (پیدا ہونے) سے روزہ نہیں ٹوٹتا لیکن جب ولادت ہوتے ہی نفاس کا خون جاری ہوتا ہے تو اس سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے.

(مختصر القدوری, الھدایہ)

سوال148:

اگر روزے کی حالت میں جھاڑو دینے کے دوران مٹی و غبار اڑ کر عورت کے حلق میں چلا گیا تو کیا اس کا روزہ ٹوٹ جائے گا ؟

جواب:

اگر روزے کی حالت میں جھاڑو دینے کے دوران مٹی و غبار اڑ کر عورت کے حلق میں چلا گیا تو اس کا روزہ نہیں ٹوٹے گا, اگرچہ اس کو روزہ دار ہونا یاد ہو.

(ماخوذ از درمختار, ردالمحتار)

For More Books Click To Ahlesunnat Kitab Ghar

سوال149:

اگر آٹا پیسنے کے دوران, چکی والے کے حلق میں آٹے کا غُبار چلا گیا تو کیا اس کا روزہ ٹوٹ جائے گا ؟

جواب:

اگر آٹا پیسنے کے دوران, چکی والے کے حلق میں آٹے کا غُبار چلا گیا تو اس کا نہیں روزہ ٹوٹے گا, اگرچہ اس کو روزہ دار ہونا یاد ہو.

(در مختار, ردالمحتار)

سوال150:

کیا والدین کی ناراضی کی وجہ سے نفلی روزہ توڑنا جائز ہے ؟

جواب:

جی ہاں! والدین کی ناراضی کی وجہ سے عصر سے پہلے پہلے نفلی روزہ توڑنا جائز ہے لیکن عصر کے بعد توڑنا جائز نہیں ہے.

(در مختار, ردالمحتار)

واللہ اعلم ورسولہ اعلم عزوجل وصلی اللہ علیہ والہ وسلم

کتبہ

عبید رضا مدنی

رابطہ نمبر

+92 306 820 9672

رمضان المبارک ۱۴۴۰ ہجری

☆...☆...☆...☆...☆...☆

تمت بالخیر

یوم الاحد ۲۸ رمضان المبارک ۱۴۴۰ ہجری

For More Books Click To Ahlesunnat Kitab Ghar

دینی مسائل اور ان کا حل

For More Books Click To Ahlesunnat Kitab Ghar